مدینۃ الاولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

اپریل 2017ء

تحفۂ روحانیات

روحانی ماہنامہ

بنیادی معلومات لوح شرف شمس

پانامہ لیکس کا اونٹ



بسم اللہ کے اسرار مخفی

اسم اعظم، تسخیر جنات

جنات کی واردات

لوح شرف زہرہ

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

لوح ہمزاد

بدقسمتی اور سیارگان کی گردش کی وجہ سے آپ کے ہر کام میں رکاوٹ ہو بنا بنایا کام عین وقت پر بگڑ جاتا ہو یا آپ اپنے آپ کو دُنیا کا بدقسمت ترین شخص تصور کرتے ہوں۔ مدمہ بازی کی وجہ سے پریشان ہیں یا دشمنوں کے غلبہ کی وجہ سے زبان نہیں کھول سکتے۔ گھر میں بیماریاں ہیں یا آسیب یا تعویزات کے اثرات کا وباری بندش ہے یا بے برکتی یا پھر بے روزگاری کا شکار ہیں۔ قرض ادا نہ ہوتا ہو یا گھر میں لڑائی جھگڑا اس قدر ہو کہ گھر جنت کی بجائے جہنم لگتا ہو۔ نکاح کی بندش ہو یا کسی بھی قسم کے جادو کے اثرات ہوں" **لوح ہمزاد**" ہو اگر پاس رکھنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے آپ کا ہمزاد حاضر ہو کر آپکے کاموں میں غیبی طور پر مدد کر رہا ہوتا ہے یہ غیبی طاقت اس لوح کے پاس رکھنے کی وجہ سے حیرت انگیز طور پر آپ کی راہنمائی کرتی ہے اور وہ مسائل یا پریشانیاں جو آپ کو دیمک کی طرح چاٹ رہی تھیں ختم ہو جاتی ہیں۔ اس لوح کے اثرات کبھی ضائع نہیں ہوتے۔ پرائز بانڈ کے نمبروں کے شائقین حضرات کے لئے یہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔ بس کے ذریعے اُن کا ہمزاد غیبی طور پر نمبروں کے بتانے کے سلسلہ میں اُن کی مدد کرتا ہے یہ ایک معجزاتی لوح ہے۔ لوح ہمزاد راخاندانی صدیوں پرانا عمل ہے جس کرشماتی معجزہ کو آزمانے کے لئے اپنی مشکلات مفصل طور پر لکھیں اور لوح کا ہدیہ **2100** روپے منی آرڈر کریں۔

لوح فتح

دنیاوی پریشانی چاہے کسی بھی قسم کی ہو لوح فتح کی برکت سے چند منٹوں میں ہی ختم ہو جاتی ہے اس لوح کے پاس رکھنے سے مقدمات سے چھٹکارہ، مالی آسودگی، روزگار میں ترقی، قرض سے نجات، جسمانی صحت، گھریلو لڑائی جھگڑے سے نجات، من پسند شادی، حصول اولاد، دفع بندش کاروبار، غلبہ دشمن حاصل ہوتا ہے علم جفر کی اس معجزاتی لوح کی برکت سے کوئی ایسا کام نہیں کہ جس میں تاخیر ہو اس لوح کو عرصہ دراز سے آزمایا جا چکا ہے کہ جس کی برکت سے چند ہی دنوں میں بے شمار خوشیاں حاصل ہو جاتی ہیں۔ قدرت کا یہ ایک انمول تحفہ ہے۔ اپنی مشکلات اور پریشانیاں جوابی لفافہ کے ہمراہ نام مع والدہ کے ادارہ کو ارسال کریں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ادارہ روحانیات میں تیار کی جانے والی تمام الواح ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل صاحب اپنے دست مبارک سے تیار کرتے ہیں۔ ہدیہ لوح فتح **4100** روپے

0300-6351192

لوح تسخیر موکلات و جنات

اس لوح مبارک کی برکت سے چند ہی دنوں کے مختصر وظیفے سے مئوکلات و جنات کی تسخیر ہوتی ہے اور عامل کی روحانی قوتوں میں بے انتہاء اضافہ ہوتا ہے اس لوح سے آپ ہر قسم کی حاضرات بھی کروا سکتے ہیں اس کے علاوہ یہ لوح تسخیر خلق کیلئے بے انتہا کار آمد ہے شائقین روحانیات کے لئے انمول تحفہ ہے۔

ہدیہ لوح 2700 روپے

منی آرڈر ارسال کرنے کیلئے ادارہ ہذا روحانیات نزد زمزم ہوٹل بہاولپور۔

نگینہ حاضرات

عملیات کی دُنیا میں بہت سے لوگوں کی خواہش ہوتی ہے کہ اُن کے پاس کوئی مضبوط حاضرات ہو جو کہ اُن کے سوال کا 100 فیصد جواب دے سکے اس کے علاوہ مشکل امور میں مدد کر سکے نگینہ حاضرات کی مدد سے 100 فیصد حاضرات ظہور میں آتی ہیں جو کہ عامل کی ہر بات کا جواب دیتی ہیں۔ عزت، مال، دولت، شہرت، تسخیر محبوب، دفع بیماری بے اولادی کا خاتمہ اور اس کے علاوہ آپ کی ہر جائز خواہش کے مطابق اللہ کے حکم سے اسباب پیدا کر دیتی ہیں۔ یہ نگینہ آپکی کامیاب زندگی کی علامت ہے اور بہت مشکلات میں آپ کے لئے آسانیاں پیدا کرتا ہے۔ جس کا آپ کے پاس ہونا لازمی ہے۔

[illegible]

غارِ حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 12 اپریل 2017ء شمارہ نمبر 10

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل (ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ ایکسپریس) عابد کمالوی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)۔ بابا صدف انبالوی، منظور علی سموں، ماسٹر شوکت علی بروہی

علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

ماہر روحانیات

شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
آہ! منجم شوکت علی بروہی	3	بسم اللہ شریف کے خواص	24
جنات کی روحانی واردات	4	حروف نورانی کے عملیات	26
پانامہ لیکس کا اونٹ	6	نایاب رمل	28
ستاروں کی چال وظیفے کا کمال	8	سبزیوں کی افادیت	30
شرف زہرہ سیارہ زحل	10	یہ ماہ کیسا رہیگا؟	33
لوح شرف شمس	11	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	39
لوح شمس بنانے کا طریقہ	13	روزانہ کے لکی نمبر	40
خاص عمل شرف شمس	16	اپریل کے لکی نمبر	41
لوح شرف زہرہ	17	پیغامات	44
اسم اعظم	19	آپ کی ڈاک	45
تسخیر جنات	21	قلمی دوستی	47
بسم اللہ کے اسرار مخفی	22	کوپن	48

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے

یورپ، فارایسٹ 4000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 720 روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است　　آھستہ پابنہ کہ ملك سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّل وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

رجب، زکات سورۃ مزمل

نوچندا توار سے قبل نماز فجر 11 بار درود مزمل پڑھیں 2 رکعت نماز نفل تہجد ادا کریں سورۃ مزمل 11 بار پڑھیں۔ اس کے بعد برائے تسخیر کل روحانیت سورۃ مزمل کی دعا کریں۔ اب دوبارہ پھر 11 بار درود مزمل پڑھیں اور 2 رکعت نماز تہجد ادا کریں پھر درج بالا طریقہ سے دعا کریں۔ تیسری بار پھر 11 بار درود مزمل پڑھ کر دو رکعت نماز تہجد ادا کریں اور پھر تسخیر خلق کل روحانیت کی دعا کریں۔ آخر میں 11 بار درود مزمل اختتامی پڑھیں مدت عمل زکات 11 یوم ہے۔ یاد رہے ماہ رجب آئمہ کرام کی ولادت باسعادت اور شہادت کا مہینہ ہے سورۃ مزمل پڑھ کر یکم رجب امام محمد باقرؑ 3 رجب شہادت امام علی تقیؑ 5 رجب ولادت امام علی تقیؑ 9 رجب ولادت باسعادت علی اصغرؑ 10 رجب ولادت باسعادت امام محمد تقیؑ 13 رجب ولادت باسعادت مولا علیؑ 15 رجب شہادت بی بی زینبؑ 22 رجب نیاز امام جعفر صادقؑ 25 رجب شہادت امام موسیٰ کاظمؑ ان تمام ایام میں جو کہ ولادت یا شہادت سے منسوب ہیں۔ آئمہ کرام نیاز دینا باعث برکت وراہ نجات ہر غم و مصیبت دنیا و آخرت ہے۔

مرحوم کی یاد میں چند الفاظ

خیالات

منظور علی سموں

ٹنڈو محمد خان

آہ! منجم شوکت علی بروہی

قارئین تحفہ روحانیات یہ افسوس ناک خبر سُن کر افسوس صد افسوس کریں گے کہ پاکستان کے مایہ ناز اور مشہور شخصیت علوم نجوم کے بادشاہ ماسٹر شوکت علی بروہی صاحب ٹھٹھہ جنگ شاہی والے مؤرخہ 18 فروری 2017ء بروز ہفتہ دو پہر 2 بجے زندگی کا چراغ گل کر کے رضائے الٰہی سے اس فانی دنیا سے انتقال کر گئے ہیں۔ **انا للہ و انا الیہ راجعون** یہ دلی صدمہ ہم سب تا زندگی بھول نہیں پائیں گے۔ یہ خبر مجھے کراچی سے غلام اکبر زنگیجو صاحب نے بتائی۔ **ماسٹر شوکت علی بروہی** صاحب کی آخری آرام گاہ اپنے گاؤں کے قریب قبرستان عثمان شاہ بخاری میں ہے۔ **پیدائش** 15 جنوری 1961ء ضلع ٹھٹھہ کے شہر جنگ شاہی میں صبح کو اندازاً 6 بجے ہوئی۔ **مرحوم کی اولاد** میں 3 بیٹے اور 2 بیٹیاں ہیں۔ ہم سب ان کے غم اور دُکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ مرحوم کی زندگی کے سفر میں ایک مکمل کتاب لکھی جا سکتی ہے۔ مگر میں خود بیماری کی حالت میں ان کی یاد میں بس چند لفظ لکھ رہا ہوں۔ مشہور تاریخ نویس اور ماہر نجوم **کلیم حجازی** کے ہونہار شاگردوں میں آپ کا شمار ہوتا ہے **شعبہ کے لحاظ سے** آپ اپنے شہر میں ویلج سبز علی بروہی میں ایک سکول میں ہیڈ ماسٹر تھے۔ سچائی اور نیک نیتی کی انتہا تھی کہ اگر بچے سکول نہیں آتے تھے تو آپ خود ان کے گھروں گلیوں یا ان بچوں کے مخفی ٹھکانوں پر جا کر ان بچوں کو پکڑ کر سکول لے آتے تھے اور کہتے تھے کہ ہم گورنمنٹ سے تنخواہ کس چیز کی لیتے ہیں۔ صرف کرسی پر بیٹھنے والے کو ٹیچر یا استاد نہیں کہا جا سکتا ہے۔ استاد وہ ہے جو اپنا معیار دکھائے۔ آپ نہایت ہی غریب، خوش طبع مخلص، سچے ایماندار اور وفادار انسان تھے۔ ہر شخص کے ساتھ ادب، احترام، پیار، محبت، عزت و شفقت سے پیش آتے تھے۔ میں آپ کی جتنی بھی تعریف کروں وہ کم ہے۔ میرے ساتھ آپ کے تعلقات بہت اچھے تھے ہر آئے دن فون پر رابطہ ہوتا رہتا تھا۔ میں آپ سے بے حد عقیدت رکھتا تھا اور آپ بھی میری بہت عزت کیا کرتے تھے آپ بہت اچھے مہمان نواز تھے۔ اکثر میرے پاس آتے تھے اور میں مرحوم کے پاس جاتا تھا۔ مرحوم کو علم نجوم ہندی و یونانی میں جنون کی حد تک شوق اور عبور حاصل تھا۔ علم نجوم میں آپ اپنی مثال آپ تھے۔ نجوم میں بڑی مہارت اور کمال کا درجہ رکھتے تھے۔ آپ بہت محنت طلب تھے۔ دن رات علم نجوم میں مگن رہتے تھے۔ نہ بصارت کا، نہ دماغی کمزوری کا خیال۔ نہ گھر، نہ دنیا کی پرواہ، بس اپنے علم میں مصروف رہتے تھے۔ عملیات کے حوالے سے کبھی بوقت ضرورت مجھ سے تعویز، نقش، الواح تیار کرواتے تھے اور میں نجوم کی دُنیا میں آپ سے مدد لیا کرتا تھا۔ آپ کے علم نجوم کے متعلق **اچھے اور معیاری مضامین بحوالہ نجوم بالسیاسات گزشتہ 40 برس** سے پاکستان کے مختلف روحانی ماہنامہ جات، جنتریوں، وطن عزیز کے قومی اخبارات اور مختلف ٹی وی چینلز پر پروگرام نشر ہوتے رہتے تھے۔ خصوصاً ماہنامہ تحفہ روحانیات سے آپکو خاص لگاؤ تھا علم نجوم سے آپ پاکستان کی ہر سیاسی شخصیت اور سیاسی جماعت پر دلچسپ انداز میں تبصرے کرتے تھے۔ آپ کی پیش گوئیاں سو فیصد درست ثابت ہوتی تھیں۔ موجودہ وقت میں اپنے محبوب رسالہ تحفہ روحانیات میں قارئین کی خدمت میں نجوم کے اسباق بھی لکھا کرتے تھے۔ آپ کے مضامین کو لوگ بہت پسند کرتے تھے۔ مرحوم ایک دیہاتی جابلوئی اور کانٹوں بھرے چھوٹے شہر میں رہتے تھے اور کانٹوں کے درمیان آپ گلاب کے پھول تھے، پھول کی خوشبو کی طرح اپنے شہر، گاؤں کے نام کی پہچان پوری دنیا میں روشن کروا گئے۔ **علم نجوم کی محفل** میں اگر چند صاحبان آپ کے ساتھ بیٹھتے تو آپ کی محنت اور سچائی کو دیکھ کر سب لوگ حیران و دنگ رہ جاتے تھے۔ علم نجوم کے قیمتی انمول اور مخفی راز آپ بلا بخل ظاہر کر دیتے تھے۔ ایسے راز جو کہ لاکھوں روپے میں بھی نہ ملیں۔ آپ اپنی مثال آپ تھے۔ کسی تعارف کے محتاج نہیں تھے، ہر چھوٹا بڑا منجم یا عامل آپ کو جانتا تھا۔ علم نجوم سے متعلق آپ نے ایک زبردست اور جامع کتاب بھی تیار کی تھی جس کی اشاعت عنقریب ادارہ ماہنامہ تحفہ روحانیات سے ہوگی۔ اس کے علاوہ مرحوم کے بڑے بیٹے ماسٹر رضوان بروہی صاحب نے اپنے والد مرحوم کے نام سے ٹرسٹ لائبریری کھولنے کا پروگرام بھی بنایا ہے تا کہ مرحوم کے ذخیرہ کتب سے لوگ فیض حاصل کرتے رہیں۔ ☆ آخر میں تمام قارئین تحفہ روحانیات کو گذارش ہے کہ آپ سب مرحوم کے حق میں اوّل و آخر 3 بار درود شریف اور درمیان میں ایک دفعہ سورۃ فاتحہ اور 3 دفعہ سورۃ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب مرحوم کو بخش دیں۔

اظہار تعزیت کیلئے مرحوم شوکت علی بروہی کے صاحبزادہ رضوان علی بروہی سے 92+332-2428845 رابطہ کر سکتے ہیں۔

قسط 34 جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

محترم قارئین کرام! گزشتہ شمارہ جات میں جنات سے متعلق واقعات کا ذکر کیا گیا یہ تمام تر ایسے واقعات تھے جو کہ مختلف لوگوں کے ساتھ پیش آئے اور اللہ تعالیٰ نے بندہ احقر کے ذریعے ان تمام جناتی مریضوں کو شریر جنات سے نجات دلوائی۔ کئی قارئین کے پیغامات بذریعہ فون، خط موصول ہوئے جنہوں نے تحفہ روحانیات کے اس خاص مضمون کے ذریعے بہت کچھ سیکھا۔ ان روحانی معالجین کو عوام الناس کی خدمت میں بہت مدد ملی۔ گزشتہ دنوں چند دوستوں نے اس بات پر اصرار کیا کہ جنات سے نجات کیلئے مزید اعمال یا واقعات بتائے جائیں۔ قارئین کی اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے جنات بارے مزید چند واقعات شائع کئے جاتے ہیں۔

کچھ عرصہ قبل ایک خاتون بہت پریشانی کی حالت میں آئی کہنے لگی کہ میں اپنے گھر میں مسلط جناتی قوتوں کے خاتمہ کیلئے کئی روحانی لوگوں کے پاس گئیں کئی پیر فقیروں کے چکر بھی لگائے ہوسکتا ہے کہ انہوں نے اپنی جانب سے کوشش بھی کی ہو مگر مجھے کوئی فرق نہ پڑا بلکہ اُلٹا میرا ایمان ہی کمزور ہوا کہ آج کل روحانی لوگ میسر نہیں۔ سب روپیہ پیسہ کے چکر میں ہیں روحانیت نام کی اب کوئی چیز نہیں۔ بات دراصل یہ ہے کہ ہمارے گھر میں پراسرار نوعیت کے کئی واقعات رونما ہو رہے ہیں۔ جن کی وجہ سے ہم بہت پریشان اور بہت خوفزدہ ہو جاتے ہیں۔ ان واقعات کے رونما ہونے سے ہم تمام اہل خانہ بہت دہشت زدہ ہیں۔ گھر میں ایک درخت ہے جس پر اکثر و بیشتر کچھ دھواں کی شکل میں انسانی سائے نظر آتے ہیں اور کبھی اس درخت کے پتوں سے پانی گرنا شروع ہو جاتا ہے پتوں کے گرنے والے پانی کے قطروں میں خون مائل سرخی شامل ہوتی ہے۔ جبکہ گرمی کا موسم ہے دیگر درختوں کے پتے بالکل خشک ہوتے ہیں۔ کمرہ میں موجود ہوتے ہیں تو دیوار پر خود بخود تازہ خون کا ایک قطرہ پھوٹتا ہے جو لکیر کھینچتا ہوا اوپر سے نیچے کی جانب گرتا ہے۔ میں اپنی بیٹی کے ہمراہ موجود تھی کہ ایسا محسوس ہوا کہ جیسا کسی نے میرے سر پر اپنے دونوں ہاتھ رکھے ہوں پہلے تو میں یہ سمجھی کہ بیٹی نے سر پر اپنے ہاتھ رکھے ہیں لیکن ان ہاتھ میں کھردرا پن محسوس ہوا۔ میں اچانک اُٹھ کر بیٹھی دیکھا تو کوئی نہیں تھا۔ اکثر اوقات گھر سے کپڑے گم ہو جاتے ہیں جو کہ دو تین روز بعد خود ہی مل جاتے ہیں پچھلے دنوں بیٹے کے کپڑے دائروں کی شکل میں کٹے ہوئے ملے جیسا کہ کسی نے قینچی سے کاٹ دیئے ہوں۔ بلاوجہ بچوں میں لڑائی جھگڑا شروع ہو جاتا ہے کوئی وجہ بھی نہیں ہوتی اور پھر یہ لڑائی جھگڑا بڑھتے ہوئے شدت اختیار کر جاتا ہے۔ رزق روزی کی طرف سے بھی ہم بہت پریشان ہیں کہ کوئی مناسب ذریعہ آمدن بھی نہیں اس سے پہلے ہمارا اچھا روزگار تھا۔ مختصر کہہ لیں کہ معاشی حالات بہت اچھے تھے۔ جب سے یہ سلسلہ شروع ہوا ہے بہت برا ہو رہا ہے۔ ہم پر احسان کریں اور ہمیں ان جناتی پراسرار قوتوں سے نجات دلوائیں اب بھی جب آنے لگی تو رستے میں کئی رکاوٹیں پیش آئیں۔ گھر سے نکلنے سے پہلے میرا پرس گم ہو گیا جس میں کہ تمام رقم موجود تھی مجھے اپنے بیٹے کے ساتھ آپ کی خدمت میں حاضر ہونا تھا تو بیٹا کسی ایسے کام سے گیا کہ اُس سے رابطہ نہیں ہو رہا تھا۔ پھر دوسرے بیٹے کے ساتھ آئی ہوں۔ گھر سے نکلتے ہی ٹھوکر لگنے سے زمین پر گری، دیکھتی ہوں کہ زمین پر دو سائے نمودار ہوئے جنہوں نے مجھے دبوچ لیا ہاتھ اور پاؤں جکڑ دیئے۔ منوں وزن میرے جسم پر آ گیا اسی دوران آیت الکرسی پڑھنا شروع کی آہستہ آہستہ یہ وزن ہٹ گیا۔ جس رکشہ میں آنے کیلئے سوار ہوئی ایک کا انجن خراب ہو گیا دوسرے میں بیٹھی تو اُسکے دونوں ٹائر دھماکے سے پھٹ گئے بھلا ایسا بھی ہوتا ہے کہ تیسرے رکشہ میں آنے کیلئے بیٹھی تو اُسکی ٹکر گدھا گاڑی سے ہو گئی۔ رکشہ ڈرائیور کو شدید چوٹیں آئیں۔ میں سمجھ گئی کہ یہ خوفناک اور پراسرار جناتی قوتیں مجھے آپ کے پاس آنے سے روکنا چاہتیں ہیں پھر ہم ماں بیٹا وہاں سے پیدل نکلے، قریب ایک ولی کی درگاہ پر پہنچے وہاں ہم نے رو رو کر دعائیں کی۔ دل میں ایسا سکون آیا کہ اب کچھ ایسا نہیں ہوگا۔ جس مقصد کیلئے آپ نکلے ہیں اور جس شخص کے پاس آپ جا رہے ہیں ان شاء اللہ آپکا مقصد اور نیت نیک ہے۔ اب کوئی رکاوٹ نہ آئیگی، نہ کوئی شیطانی قوت آپ کو وہاں جانے سے روک پائیگی۔ اس کے بعد ہم نے وہاں پر بیٹھ کر 21 بار آیت الکرسی پڑھی اپنے ہاتھوں پر پھونک کر پورے جسم پر پھیر لیا۔ ایسا لگا کہ وہ شیطانی اور جناتی قوتیں ہمارے جسم اور روح کو چھوڑ کر دور بھاگ گئی ہیں پھر تمام رستے ہم

نے آیت الکرسی کا ورد رکھا۔ ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ جیسے کوئی روحانی بزرگ یا روحانی طاقت یہ تمام ہدایت ہمیں دے رہی ہو۔ درگاہ سے باہر آئے رکشہ میں سوار ہوئے تو ایسا لگا کہ جیسے کوئی غیبی قوت ہوا میں اُڑاتی لے جا رہی ہو۔ چند ہی منٹوں بعد ہم آپ کے سامنے حاضر ہو گئے۔

اُن بزرگ خاتون کی تمام بات نہایت توجہ سے سنی سمجھ میں آ گیا تھا کہ شریر جنات کا قبیلہ اُن کے گھر اور جسموں پر مسلط ہے وہ نہیں چاہتا کہ گھر میں سکون اور خوشحالی ہو مختلف حالات و واقعات جو کہ عجیب نوعیت کے تھے ان کے رونما ہونے سے ہر شخص خوفزدہ ہو سکتا ہے یقیناً یہ ایسے واقعات تھے کہ عام آدمی کی عقل و فہم سے باہر تھے پراسرار طور پر جناتی شیطانی قوتیں اہل خانہ کو پریشان کر رہی تھیں۔ ان بزرگ خاتون سے اجازت لے کر بندہ احقر کچھ دیر کیلئے حجرہ خاص میں مراقبہ کی غرض سے گیا دیکھا کہ کئی جنات اُن کے گھر اور جسموں پر مسلط ہیں یہ جنات کی ایک بگڑی ہوئی قسم قبیلہ راکھشی سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس قبیلہ کے جنات بہت زیادہ طاقتور ہوتے ہیں انسانوں کی جان لینے سے بھی گریز نہیں کرتے اس قدر طاقتور ہوتے ہیں کہ اگر کسی انسان کے جسم میں داخل ہو جائیں تو آسانی سے نہیں چھوڑتے۔ یہ ایک جن کی طاقت تھی لیکن جہاں پر پورا قبیلہ ہو تو خود اندازہ کر سکتے ہیں کہ اُس قبیلہ کی طاقت کتنی ہو گی؟

بندہ احقر نے اُن سے نجات کیلئے دو رکعت نماز نفل ادا کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ باری تعالیٰ بے شک تجھ سے بڑی کوئی طاقت نہیں بلا شبہ تو نے انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں مسلط فرمایا میں اپنی حد تک ان اہل خانہ کو استغفار کی تاکید کرونگا لیکن تیری ذات غفور و رحیم ہے اور بے شک تجھ سے بڑا معاف کرنے والا کوئی نہیں ان اہل خانہ کو پراسرار اور طاقتور شیطانی قوتوں سے نجات دلوا دے تا کہ ان کا ایمان کلام الٰہی پر مزید مضبوط ہو کیونکہ یہ کئی لوگوں کے پاس جا کر مایوس ہو کر لوٹ آئے ہیں۔

حجرہ خاص سے نکلنے کے بعد ان بزرگ خاتون سے بندہ احقر نے کہا کہ سب سے پہلے آپ گوشت کا صدقہ دیں جس کا خاص طریقہ اُنکو بتایا گیا اس کے بعد آپ اہل خانہ اجتماعی طور پر سورۃ مزمل کی آخری آیت کا آخری حصہ استغفار سوا لاکھ بار ورد کریں اور کل میرے پاس دوبارہ سے آئیں۔ رات کو اپنے ورد خاص سے فراغت کے بعد دو رکعت نماز نفل برائے غلبہ شیطانی جناتی قوتیں ادا کی جس میں پہلی رکعت میں سورۃ الفلق 3 بار دسری رکعت میں سورۃ الناس 3 بار پڑھنے کے بعد جائے نماز پر بیٹھے ہوئے 3 چھری پاس رکھی مٹی کے پیالہ میں تازہ پانی پاس رکھتے ہوئے۔

سب سے پہلے 100 بار تعوذ پڑھنے کے بعد اپنا حصار کرتے ہوئے ہاتھوں پر دم کرتے ہوئے پورے جسم پر پھیر لئے۔ اس کے بعد ایک بار تکبیر اور 900 بار تعوذ کا ورد کیا۔ ہر 300 بار پڑھنے کے بعد ایک چھری زمین میں گاڑھ کر پانی پر پھونک دیا جاتا یاد رہے کہ یہ تمام روحانی اور قرآنی عمل کچی زمین پر بیٹھ کر کیا جاتا ہے آخری بار پڑھتے ہوئے جذباتی کیفیت عجیب سی ہو گئی کہ جی چاہتا تھا کہ وہ چھری اپنے سینہ میں اتار لوں۔ ایک عجیب سی کشمکش تھی کہ نہ چاہتے ہوئے بھی اُس چھری کا رُخ اپنے دل کی جانب بڑھ جاتا۔ حصار کے باہر نظر گئی کہ بہت سے سیاہ رنگ کے سائے دھواں دار اشکلیں خوفناک چہروں کے ساتھ جمع تھے۔ ان کی تعداد کا کوئی اندازہ نہیں تھا لیکن چاروں جانب بہت پراسرار ہیبت ناک ماحول بنا ہوا تھا۔ پہلے تو دل میں آیا کہ سب کچھ چھوڑ کر بھاگ جاؤں لیکن پھر اُسی لمحہ جیسے کہ دل میں یقین کی کیفیت پیدا ہوئی کہ یہ سب کلام الٰہی کی برکت سے خود ختم ہو جائیں گے۔ اگر اپنی جگہ سے اُٹھ کر گئے تو یہ سب قوتیں نوچ کر خوفناک موت مار دینگی۔ اپنے بزرگوں کی روحانی قوتیں جسم میں اترتی محسوس ہوئیں ایک ہمت اور حوصلہ ہوا کہ قرآن پاک کی عظیم روحانی طاقت کے مقابل یہ شیاطین کچھ نہیں بگاڑ سکتے اُسی لمحہ آخری 300 بار تعوذ کا ورد مکمل ہوا اور با آواز 3 بار تکبیر پڑھی وہ پراسرار کیفیت ختم ہو گئی اپنے دائیں ہاتھ کی وہ تیسری چھری زمین میں گاڑھ دی۔ ایسا محسوس ہوا کہ سب کچھ معمول کے مطابق آ گیا ہے اب وہ سائے دہشت و خوف کی فضاء ختم ہو چکی تھی۔ جس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔

آئندہ روز وہ خاتون آئیں تو ورد کیا ہوا پانی اُن کو گھر کے ہر کونے خاص طور سے اُس درخت پر چھڑکنے کیلئے دیا پھر اسی طرح مزید دو روز تعوذ کا وہ پانی تیار کیا لیکن باقی دو روز پہلے کی دن والی کیفیت ہرگز نہ تھی جس سے ثابت وہ گیا کہ وہ تمام تر جناتی اور شیطانی قوتیں کلام الٰہی کی برکت سے ختم ہو چکی ہیں۔ تو بزرگ خاتون چوتھے روز بہت خوش دکھائی دے رہی تھیں اُن کے زبان سے دعاؤں کا سلسلہ جاری تھا۔ پھر چند ماہ بعد وہ بندہ احقر کے پاس آئیں بہت مودبانہ اور عاجزانہ لہجہ میں مخاطب ہوئیں کہ ہم آپ کا شکریہ ادا نہیں کر سکتے کہ اُس دن کے بعد ہمارے گھر میں کسی بھی قسم کا کوئی ایسا واقعہ نہ جو کہ ہماری لئے خوف اور دہشت کا سبب بنتا۔ گھر میں مکمل طور پر سکون ہے لیکن آپ کی ہدایت کے مطابق کلمہ استغفار کا سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔ ان خاتون سے پہلے بھی گوشت کا صدقہ دلوایا گیا اور ہر منگل کو گوشت کا صدقہ دینے کی ہدایت دی گئی اس کے ساتھ لوح تحفظ دی گئی تا کہ دوبارہ جنات اور شیاطین ان پر مسلط نہ ہو سکیں۔

محترم قارئین کرام! اہم سیارگان کے درمیان اپریل 2017ء میں سات اہم نظرات قائم ہورہی ہیں ان میں دو نظر تربیع، ایک مقابلہ، ایک تسدیس، دو تثلیث اور ایک قران شامل ہیں۔ اس کے علاوہ اس ماہ اہم سیارگان کی حالت و درجات عطارد درجہ حضیض شمس درجہ شرف زہرہ درجہ شمس بحالت رجعت گزر رہا ہے۔

سیارہ زحل 06 اپریل کو برج قوس میں رجعت اختیار کرے گا۔ زحل کی یہ رجعت 25 اگست کو اسی برج میں ختم ہوگی سیارہ عطارد 10 اپریل برج ثور میں رجعت پذیر ہوگا۔ جو کہ 03 اپریل کو برج حمل میں استقامت اختیار کرے گا۔ زہرہ در حمل 04 مارچ کو رجعت پذیر ہوئی تھی اور 15 اپریل درحوت استقامت اختیار کررہی ہے۔ سیارہ پلوٹو درجدی 20 اپریل رجعت پذیر ہورہا ہے۔ 29 اپریل پلوٹو درجدی استقامت اختیار کریگا۔

سیارگان کی یہ کیفیت بہت سے اشارے واضح کرتی ہے

بالخصوص نجوم بالسیاسیات بارے کئی تبدیلیاں متوقع ہیں زیر بحث سیاسی معاملات اپریل میں مزید زور پکڑ جائینگے یہ بھی ممکن ہے کہ اگر کوئی سیاسی جماعت کسی مسئلہ مسائل میں گرفتار ہے تو اُسکے معاملات شدت اختیار کر جائیں۔ ماحول گرم سے گرم تر نظر آتا ہے۔ خاص طور سے تحریک انصاف اپریل میں بیانات بازی میں سبقت لے جائیگی۔ حکومتی مخالف جماعتیں بھرپور طریقہ سے سرگرم ہوجائینگی۔ **تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان** نئی پالیسیاں مرتب کر سکتے ہیں۔ ان کی جماعت کے کئی سیاست دان اپنے مرکز سے ہلتے ہوئے بھی نظر آرہے ہیں۔ بہتر حکمت عملی کے تحت عمران خان اپنی جماعت کو سنبھالنے میں کسی حد تک کامیاب ہوجائینگے دوسری جانب پاکستان پیپلز پارٹی کا حاکم سیارہ سرحرف نام سے عطارد رجعت پذیر ہورہا ہے۔ یہ اس بات کی علامت ہے کہ پارٹی کمزور سے کمزور تر نظر آئیگی۔ **چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری** اپنی پارٹی کو بچانے کیلئے سرتوڑ کوششیں کرتے رہینگے۔ آصف علی زرداری مرکزی راہنماؤں کا اجلاس طلب کر سکتے ہیں جس میں آئندہ کی حکمت عملی مرتب کی جاسکتی ہے۔ ایم کیو ایم جیسا کہ کئی حصوں میں تقسیم ہوچکی ہے۔ **ایم کیو ایم پاکستان فاروق ستار** کی قیادت میں اپنی سیاسی سرگرمیاں مزید تیز کردے گی اور اچھی شہرت حاصل کرنے کیلئے عوامی رابطہ جلسے جلوسوں میں اضافہ ممکن ہے۔ آپریشن رد الفساد کے تحت کئی کامیابیاں ملنا متوقع ہیں کہ خاص طور سے ایم کیو ایم بارے مزید انکشافات کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے دوسری ایم کیو ایم جو کہ **پاک سرزمین پارٹی** کے نام سے جانی جاتی ہے۔ اس کے راہنما مصطفی کمال کی قیادت میں اس ماہ کچھ خاص سیاسی منظر عامہ پر نظر نہ آئیگی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اپریل کے آخر میں شور وغل میں اضافہ ہو۔ **ایم کیو ایم لندن** اپنی موت آپ مرچکی ہے لہذا یہاں اُس کا ذکر کرنا بھی مناسب نہیں۔ **پاکستان برسر اقتدار سیاسی جماعت یعنی مسلم لیگ (ن)** دیرینہ مسئلہ پانامہ کیس میں الجھی ہوئی ہے کیونکہ زیادہ تر سیارگان کی پوزیشن اس ماہ مثبت دکھائی نہ دے رہی ہے کہا جاسکتا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے حق میں کوئی خاص فیصلہ نہ آنا متوقع ہے۔ پانامہ کیس بارے کئی چہ مگوئیاں جاری ہیں۔ لیکن ماہ رواں یعنی مارچ میں سیارگان بالکل بھی حکومتی جماعت کے حق میں نہیں۔ اگر اس ماہ کے آخر میں پانامہ کیس کا حتمی فیصلہ نہ آیا تو آئندہ ماہ حکومتی سیارگان پھر اچھی پوزیشن میں نہ ہیں۔ خطرات سر پر منڈلا رہے ہیں۔ کبھی بھی کچھ بھی ہوسکتا ہے۔ آئندہ ماہ سیارگان کی نحس نظرات کو سامنے رکھیں تو اہم نظرات میں آغاز ماہ تربیع مابین زہرہ زحل قائم ہورہی ہے۔ سیارگان کے درمیان قائم ہونے والی یہ نظر تربیع زہرہ درحوت بحالت رجعت اور زحل درقوس مکمل نظر 9 اپریل کو قائم ہوگی دونوں سیارگان بحالت رجعت موجود ہیں۔ زائچہ میں نواں خانہ بیرون ملک سفر زر مبادلہ لیکن

زائچہ یونانی :۔ زہرہ زحل تربیع 09 اپریل 2017ء بمقام اسلام آباد



سیاست بالنجوم میں عدلیہ اور خارجہ امور سے منسلک ہے جو کہ علامت ہے کہ عدلیہ میں موجود پانامہ لیکس نیا رُخ اختیار کر سکتی ہے اس خانہ میں زحل کی موجودگی اور ان ایام میں رجعت زحل ایسے اشارے دے رہی ہے جن کی عوام کو توقع بھی نہ تھی۔ بیرون ملک سازشیں زور پکڑ جائینگی۔ دشمن زیادہ متحرک ہو جائیگا ملکی حالات زیادہ سے زیادہ خراب کرنے کی کوشش کی جائیگی عوام الناس میں بے چینی کی فضاء پیدا ہوگی۔ **عالمی سطح پر انڈیا پاکستان کو مزید بدنام کرنے کا کوئی موقع ھاتھ سے جانے نہ دے گا و۔**

دراصل پانامہ لیکس ایک لا فرم موساک فونسیکا سے ملنے والی دستاویزات ھیں جس میں موجودہ وزیراعظم پاکستان کے بچوں کے نام خفیہ اور غیر قانونی جائیداد بارے انکشاف کیا گیا ہے۔ اپوزیشن اور دیگر حکومت مخالف جماعتوں میں اٹھنے والے اعتراضات اور بیانات کے بعد گزشتہ برس میاں نواز شریف نے اس اعتراض بارے عدالتی کمیشن تشکیل دینے کا خود فیصلہ کیا۔ جس میں نواز شریف نے موقف اختیار کیا کہ اُن کے بچوں نے کوئی غیر قانونی کام نہیں کیا وضاحت کی کہ اُن کے والد نے جدہ میں اسٹیل فیکٹری لگائی جلاوطنی ختم ہونے کے بعد یہ فیکٹری فروخت کر دی گئی اور پھر حاصل شدہ رقم سے میرے بچوں نے کاروبار شروع کیا۔ پانامہ لیکس میں دنیا بھر کے چوٹی کے امیر اور طاقتور لوگ اپنی دولت کس طرح چھپاتے ہیں۔ ان افراد میں کئی ممالک کے سربراہانِ حکومت اور سیاسی راہنما شامل ہیں۔ ان کی تعداد ایک کروڑ دس لاکھ ہے۔ اس کمپنی کا ماننا ہے کہ وہ گزشتہ چالیس برس سے بہت شفاف طریقہ سے کام کر رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب تک اس کمپنی کا کسی بھی غلط کام میں ملوث ہونے کا الزام نہیں لگایا گیا۔ پانامہ لیکس میں دنیا میں کے سابقہ یا حالیہ سربراہان مملکت بشمول آمروں کا ذکر کیا گیا ہے جن پر اپنے ملک کی دولت لوٹنے کا الزام ہے۔ اسی بات کو لے کر جناب عمران خان اور دیگر اپوزیشن رہنماؤں نے حکومت کے خلاف ایک مہم شروع کر دی ہے۔ اپنے اسی مطالبہ کو لے کر گزشتہ برس سات ماہ کی غیر حاضری کے بعد قومی اسمبلی کے اجلاس میں عمران خان پہلی بار شریک ہوئے تھے۔ عرصہ گزرنے کے بعد بھی پانامہ لیکس کا معاملہ ابھی تک عدالتوں تک محدود ہے لیکن **اپریل 2017ء میں سیارگان کی پوزیشن اور رجعت و استقامت اشارہ دے رھی ھے** کہ اب یہ اونٹ کسی کروٹ بیٹھنے والا ہے۔ پانامہ لیکس بارے تحریک انصاف نے وزیراعظم سے استعفیٰ کا مطالبہ بھی کیا۔ پانامہ لیکس بارے حکومتی مخالف جماعتوں نے فوج سے بھی احتساب بارے حمایت کا مطالبہ کیا تھا۔ تاکہ ملک سے کرپشن کے خاتمہ کی ہر ممکن کوشش کی جا سکے لیکن اس دوران جمہوریت کو شدید خطرہ لاحق ہو سکتا تھا۔ اپنے موقف کی حمایت میں حکومتی جماعت نے سپریم کورٹ کو دیگر ثبوت سمیت قطری خط بھی پیش کئے جس میں وضاحت کی گئی کہ انہوں نے کوئی غیر قانونی کام نہیں کیا لیکن حکومت مخالف جماعتیں وزیراعظم نواز شریف کے صاحبزادے کے ٹی وی انٹرویو اور دیگر شواہد کو بھی پیش کر رہی ہے۔ مختصر کہ **پانامہ لیکس معاملہ بارے عدالت نے فیصلہ محفوظ کر لیا ھے** اس محفوظ فیصلہ پر مختلف جماعتوں کی طرف سے بیانات جاری ہیں جس میں جماعت اسلامی کی جانب سے سراج الحق نے بیان کیا کہ پانامہ کا فیصلہ کرپشن کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔ عدالت عظمیٰ میں پانامہ لیکس کے مقدمہ کی سماعت تقریباً ساڑھے چار ماہ کے بعد اختتام کو پہنچی۔ جس پر فریقین نے اطمنان کا اظہار کرتے ہوئے اپنی اپنی فتح کی اُمید ظاہر کی۔ دوسری جانب سپریم کورٹ نے واضح لفظوں میں باآور کروایا کہ **ھم خواھشوں کے مطابق فیصلہ نھیں دے سکتے**۔ مزید برآں کہ پاکستان اٹارنی جنرل نے کہا کہ اگر وزیراعظم نے اپنے گوشواروں میں غلط بیانی سے کام لیا تو انکے خلاف کاروائی سپریم کورٹ میں نہیں بلکہ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت میں ہو سکتی ہے۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ اٹارنی جنرل نے وضاحت کی اگر حدیبیہ پیپر زمل کے مقدمہ میں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نیب کے فیصلہ سے مطمئن نہیں ہیں اور اگر ان کا کوئی حق مجروح ہوا ہو تو اس بارے میں درخواست دے سکتے ہیں اور وہ اٹارنی جنرل کی حیثیت سے اس کی مخالفت نہیں کریں گے۔

جسٹس آصف سعید کھوسہ کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے پانچ رُکنی بینچ کا کہنا تھا کہ جو دستاویزات اور ثبوت سپریم کورٹ میں پیش نہیں کئے جا سکے تو سیشن جج کی عدالت میں کیسے پیش کئے جائیں گے۔ آخر میں جسٹس عظمت سعید نے فرمایا "**پوری قوم یہ جاننے میں حق بجانب ھے کہ اُنکا وزیر اعظم صادق اور امین ھو اور وہ آئین کے آرٹیکل 62,63 پر پورا اترتا ھو۔**"

محترم قارئین کرام اپریل میں سیارگان کی گردش اور ان کے نتیجہ میں مرتب ہونے والے اثرات کچھ تبدیلیوں کی جانب اشارہ دے رہے ہیں۔ دعا ہے کہ جو بھی ہو ملک اور قوم کے حق میں بہتر ہو اور دُنیا میں پاکستان کی نیک نامی کا چرچہ ہو۔

واللہ اعلم بالصواب

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

شمس مقابلہ مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
ہفتہ	08	09:07 تا 10:07	14:10 تا 15:07	شمال مشرق	21:24 تا 22:21	شمال

بربادی دشمن

(مقصدعمل) سیاروں کی یہ نظر دشمنوں کی تباہ و بربادی کیلئے موثر مانی جاتی ہے۔

(عمل) اس نظر میں اگر مسان دستیاب ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ 8 قبروں کی مٹی حاصل کریں اور اس مٹی پر یا منتقم یا ذل کا ورد 90 بار کریں۔ بعد از ورد سورۃ لھب 80 بار پڑھیں۔ آخر میں دوبارہ مذکورہ بالا اسمائے حسنیٰ کا ورد 90 بار کریں۔ دشمن کی خانہ بربادی کیلئے بدعا کریں اور اس مٹی کو خانہ دشمن میں ڈال دیں۔

وہ لوگ جو نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں درج بالا سورۃ مبارکہ اور اسمائے مبارکہ کے عدد ابجد قمری میں مقصد کے اعداد شامل کر کے دشمن کے نام مع والدہ کے عدد بھی شامل کر دیں نقش مربع معکوس خاکی پُر ہوگا۔ 4 نقش بنانے کے بعد 3 قبرستان میں دفنا دیں جبکہ چوتھا خانہ دشمن میں مسلسل 8 روز تک درج بالا طریقہ سے ورد مذکورہ بوقت غروب آفتاب سے 15 منٹ قبل شروع کریں۔ انشاءاللہ جلد عمل کا اثر ظاہر ہوگا۔ یاد رہے کہ معمولی دشمنی یا رنجش کی بناء پر عمل نہ کیا جائے کیونکہ اس کے رجعی اثرات اتنے سخت ہوتے ہیں کہ دیوانگی اور پاگل پن کی حالت میں مبتلا کر سکتے ہیں۔ لہذا عمل شروع کرنے سے قبل صدقہ لازمی دیں۔ اعداد سورۃ مبارکہ اسم الٰہی ادارہ سے معلوم کر سکتے ہیں۔

زہرہ تسدیس مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	17	07:57 تا 09:01	15:26 تا 16:30	مشرق	18:38 تا 19:34	جنوب مشرق

مردزن میں صلح

(مقصدعمل) مرد و عورت میں صلح کرانے کیلئے یا ایسے پریشان افراد جو کہ اپنی بیوی کے ہاتھوں تنگ ہوں کہ وہ چرب زبان اور نافرمان ہو یا ایسی خواتین کہ جن کے شوہر عیاش طبعیت اور زیادہ غصہ والے ہوں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) **یا رحمن یا رحیم یا کریم یا ولی** کا ورد سوا پاؤ مکھن کی ڈلی پر 721 بار کریں اول آخر درود شریف 21 بار پڑھیں۔ بعد ورد اس مکھن کو کسی بھی طرح اُس شخص کو کھلا دیں جس سے اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہوں، اس عمل کی برکت سے وہ شخص مکمل طور پر صاحب عمل کے لیے مسخر ہو جائے گا۔

شمس تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	17	10:05 تا 11:09	17:34 تا 18:38	مشرق	21:26 تا 22:21	جنوب مشرق

خاتمہ بندش روزگار

(مقصدعمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت روزگار کی بندش ختم کرنے اور اپنی جائز خواہشات کی تکمیل کیلئے عمل کیا جا سکتا ہے۔

(عمل) اس عمل میں اسم اعظم **یا باسط** 720 بار کریں اگر نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں تو مثلث آبی کا نقش بنائیں عدد اسم **باسط** 72 ہیں۔ اسی اسم کے چاروں عناصر کے نقش بنائیں۔ نقش خاکی چال اپنے پاس رکھیں۔ باقی تینوں نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کر لیں۔ جو لوگ نقش نہ بنا سکیں وہ اسم **باسط** 72 بار ورد کرنے کے بعد 72 عدد چھوہاروں پر دم کر دیں۔ روزانہ ایک چھوہارہ لیں اور نہار منہ اس چھوارے پر 72 بار **یا باسط** پڑھ کر کھا لیں۔ اپنے مقصد کی اور رزق روزی کی دعا کریں۔ ان چھوہاروں کی گٹھلی کو سنبھال کر رکھ لیں۔ چھوہارے ختم ہونے کے بعد روزانہ ان گٹھلیوں پر 72 بار **یا باسط** پڑھا جائے۔ ہر قسم کی بندش ختم ہونے ساتھ رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہوگا۔

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	20	07:54 تا 09:00	15:26 تا 16:31	مغرب	20:21 تا 23:17	جنوب

خاتمہ کالا جادو

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر میں جادو کے خاتمہ کیلئے عمل کیا جا سکتا

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

ہے یعنی کوئی بھی شخص جس پر کوئی کالا یا سفلی علم ہوا ہو اور وہ شخص مسلسل ناکامی مایوسی کا شکار ہو کہ لاکھ کوشش کے باوجود بھی اس جادو کا توڑ نہ ہو رہا ہو۔

عمل) اس نظر میں سفید چینی کی پلیٹ پر مع تعوذ و تکبیر' آخری دو قل لکھیں زعفران کی سیاہی استعمال کریں اور آب زمزم سے اس پلیٹ کے نقش کو دھو کر بوتل میں محفوظ کر لیں اس پانی کو 14 روز بلا ناغہ اذان عصر استعمال کریں پانی پینے کا طریقہ اس طرح ہو کہ **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ اللہ اکبر** اور اس کے بعد آخری دو سورۃ مبارکہ (سورۃ الفلق' سورۃ الناس) پڑھ کر پھونک دیں پہلا گھونٹ پینے کے بعد 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور تیسرے گھونٹ پینے کے بعد پھر 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور تیسرے گھونٹ پر بھی 3 بار تعوذ اور تکبیر کا ورد کریں اس پانی کو مسلسل 14 روز تک استعمال کریں پانی پینے کے بعد دونوں ہاتھوں کو گیلا کر لیں اور پورے جسم پر پھیر لیں انشاء اللہ جلد ہی جادو کے اثرات ختم ہونگے عمل کے آخری دن 72 روپے کی شیرنی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ نقش بنانے کے لیے 5296 کا مربع آتشی درج بالا طریقہ کے مطابق بنا کر استعمال کریں انشاء اللہ جلد ہی جادو کا توڑ ہوگا۔

زہرہ تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	22	05:43 تا 06:48	10:03 تا 11:07	شمال مغرب	20:31 تا 21:27	شمال مشرق

سزا بدکاری

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت ایسی عورتیں جو بدکاری اور غیر شرعی فعل کی مرتکب ہو یا جو زبان درازی بہتان اور اسی قسم کے دوسرے گناہوں میں مبتلا ہوں ان کو سزا دینے یا ان بداعمال سے باز رکھنے کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے یا مرد اور عورت کو سزا دینے کے لیے یا ان کے ناجائز تعلق کو ختم کرنے کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے۔

(عمل) دیئے گئے وقت میں گدھا، گھوڑا، کتا یا بلا وغیرہ یا کسی بھی حرام جانور کی ہڈی پر اس طلسم کو پڑھ کر آگ میں ڈال دیں۔ اور جب تک یہ ہڈی جل کر خاکستر نہ ہو اُس وقت تک ان طلسماتی الفاظ کو پڑھتے رہیں جب ہڈی جل جائے تو اُس کی راکھ کو اُٹھا کر اُس مکان میں یا اُس جگہ پر پھینک دیں جہاں پر ایسا بدکار شخص رہتا ہو انشاء اللہ چند ہی یوم میں وہ شخص اپنی بدکاری سے باز آجائے گا پڑھتے ہوئے اُس شخص کا تصور اور اپنے مقصد کا دھیان رہے وہ طلسم جو اس وقت پڑھا جائے گا وہ یہ ہے **اھطم فشذ ھب ھب لا مھو لا ھتا۔**

نقش بنانے کیلئے **442** عدد کا مربع آتشی اس ہڈی پر لکھیں نیچا اپنا مقصد تحریر کریں۔ بدکار شخص کا نام اگر متبرک ناموں میں سے ہے تو نام لکھنے کی بجائے اپس وقت صرف اُس شخص کا تصور کیا جائے اور اگر نام متبرک نہیں ہے مثلاً گلو، بالا، کالا وغیرہ یعنی عرف عام مشہور ہے تو یہی لکھا جائے گا۔

عطارد تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
سوموار	24	06:46 تا 07:51	14:22 تا 15:27	شمال	19:37 تا 20:32	مشرق

حصول ترقی و مرتبہ

(مقصد عمل) ایسے ملازم پیشہ افراد جو کہ ترقی کے خواہ ہوں اور کسی بھی صورت کوئی بھی اُمید نظر نہ آتی ہو آج کے اس عمل سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(عمل) دیئے گئے وقت میں **یا رافع** کا ورد **4000** بار پڑھیں آنکھیں بند اور دل کی طرف مکمل توجہ ہو ذہن میں اپنے مقصد کی طرف دھیان ہو بعد ورد اپنے لب سے اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے اس اسم کو لکھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں اول آخر درود شریف 19 بار پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر اپنے مقصد کی دعا کریں ان شاء اللہ بہت جلد مقصد میں کامیابی ہوگی۔

نقش بنانے کیلئے **یا رافع** کے عدد **351** سے نقش مربع بادی پُر کریں اور اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھیں آخر میں اس نقش کے اپنا مقصد اور مطلب لازمی لکھیں۔

حضیض عطارد

سیارہ عطارد برج جوزا اور سنبلہ کا حاکم مانا جاتا ہے۔ مخنث خاصیت کا حامل سیارہ جب برج ثور کے 5 درجہ پر پہنچتا ہے تو حالت حضیض ظاہر کرتا ہے۔ جو کہ ہبوط کے بعد دوسرے درجے کی نحس حالت ہے۔ عطارد ہمیشہ سورج کے قریب تر یا ساتھ رہتا ہے۔ اس لئے عطارد کو شمس کا دم چھلہ بھی کہا جاتا ہے۔ شمس کی روشنی اس پر زیادہ قوت کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے۔ ممتزج مزاج رکھنے والا یہ سیارہ عقل' ہمت' بہادری عزیز رشتہ داروں سے تعلق داری قول قلم عمل سے تعلق رکھتا ہے۔ آسمانی درجہ پر یہ سیارہ علم و حکمت دانس پر حکومت کرتا ہے لیکن درجہ حضیض پر پہنچنے کی حالت میں اس سیارہ کی تمام سعد قوتیں نحس یعنی منفی رُخ اختیار کر لیتی ہیں اس دوران اپنے مقصد کے مطابق عمل شر تیار کر سکتے ہیں۔ تمام تیاری قبل از وقت کر لیں۔ لہذا اس سال 06 اپریل 2017ء بروز جمعرات کو درجہ حضیض سے گزریگا۔

اول ساعت :- 10:11 تا 11:14 رجال الغیب (جنوب)

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے (ادارہ)

دوئم ساعت :۔17:29 تا 18:31 رجال الغیب (جنوب)
سوئم ساعت :۔23:18 تا 00:16 رجال الغیب (شمال مغرب)

شرف شمس

سیارہ شمس کو بادشاہ فلک مانا جاتا ہے یہ سیارہ عزت مال دولت جاہ وحشمت کا حاکم برج اسد کا مالک ہے جب یہ آسمان پر طلوع ہوتا ہے تو اس کی روشنی سے دیگر تمام سیارگان غروب ہوجاتے ہیں۔ سیارہ شمس کی دھات سونا، نگینہ ہیرا۔ مالک وحاکم دن اتوار ہے۔

وہ لوگ جو کہ عرصہ دراز سے سے مفلسی غربت تنگ دستی کی زندگی گزار رہے ہوں اس خاص وقت میں اپنے لئے خاص الواح، طلسمات یا چراغ شمسی تیار کروا کر اپنی قسمت جگا سکتے ہیں۔ اس ماہ سیارہ شمس 07 اپریل 2017ء بروز جمعہ درجہ شرف سے گریگا جب برج حمل کے 19 درجہ پر ہوتا ہے تو حالت شرف میں بہت سے فائدے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ اس دوران شمس کیوہ ساعتیں جو کہ دن کے وقت میسر آئینگی اپنے امور کو انجام دینے کیلئے مددگار ثابت ہونگی۔ رات کی ساعتیں یعنی بعد غروب آفتاب تا قبل طلوع آفتاب کی کوئی ساعت شرفی شمسی قوتوں سے کام لینے کیلئے خاص اہمیت کی حامل نہ ہے۔

اول ساعت :۔09:07 تا 10:10 رجال الغیب (شمال مغرب)
دوئم ساعت :۔16:27 تا 17:30 رجال الغیب (شمال مغرب)

شرف زہرہ (بحالت رجعت)

سیارہ زہرہ بحالت رجعت درجہ شرف سے گزرے گا جو کہ 13 اپریل 12:22 پر رجعی حالت میں شرفی درجات پر موجود ہوگا۔ جہاں پر اس کا قیام 17 اپریل 18:43 منٹ تک رہیگا کیونکہ اس وقت زہرہ بحالت راجع ہوگا لہذا اس کمزور اور نحس حالت میں اس سیارے کا شرفی درجات سے گزرنا بے معنی ہوگا اس وقت میں شرف زہرہ سے متعلقہ تمام امور نحس ہونگے۔ کسی قسم کا کوئی بھی نقش یا لوح جو کہ زہرہ سعد سے متعلق ہو کام نہ دے گا۔

سیارہ زحل (بحالت رجعت)

سیارہ زحل 06 اپریل 2017ء 10:05 پر سیارہ زحل برج قوس میں 27.47 درجہ پر رجعت پذیر ہو رہا ہے۔ رجعت زحل کا یہ عرصہ 06 اپریل سے شروع ہوکر 25 اگست 17:18 تک رہیگا۔

اس دوران زحل کی تمام تر قوتیں نحس اور کمزور ہوجائیں گی۔ زحل کی رجعت تمام بروج کو متاثر کرتی ہے خاص طور سے وہ افراد جو کہ زحل کی ساڑھ ستی کا شکار ہوں یا جن بروج کو زحل تربیع یا مقابلہ کی نظر سے دیکھ رہا ہو زیادہ متاثر ہونگے۔ بالخصوص برج حمل، جوزا، سنبلہ سے متعلقہ افراد یا سیاست دان یا سیاسی جماعتیں متاثر ہونگی۔ زحل کی نحوست سے بچنے کیلئے صدقہ زحل جو کہ مزمل روحانی جنتری 2017ء میں شائع کیا گیا ہے لازمی دیں۔

سیارہ زحل کی رجعت کے دوران وظائف میں کمزوری اور دین سے دوری کی حالت بھی پیدا ہوسکتی ہے۔ دشمن کی جانب سے جادوئی حملوں کا خطرہ ہے۔ جھوٹے مقدمات بن سکتے ہیں اور نچلے درجہ کے لوگوں سے نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔ خاص طور سے ایسے افراد محتاط رہیں جو کہ اکثر وبیشتر جادوگروں اور جناتی حملوں کا شکار رہتے ہیں یا جن افراد کے خلاف حاسدین اور شر پسند لوگ سازشیں بناتے رہتے ہیں۔ زحل کی رجعت یا ساڑھ ستی سے بچاؤ کیلئے ادارہ روحانیات میں لوح یا نگینہ شرف زحل تیار کی گئی ہے جو کہ ادارہ سے منگوائی جاسکتی ہے۔

سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس

طلسم قمر



طلسم عطارد

طلسم زہرہ

طلسم مریخ

طلسم مشتری

طلسم زحل

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف واوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

نوٹ :۔ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، شام 04 تا 06 بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کرسکتے ہیں علاوہ جمعۃ المبارک۔

0300-6351192

قارئین تحفہ روحانیات جب بھی کوئی نقش تحریر کریں تو نقش کی دوسری جانب طلسم لازمی بنائیں۔

ادارہ روحانیات

بنیادی معلومات

لوح شرف شمس

حصول مال دولت، مرتبہ، عزت، اعلیٰ مقام

تحریر
رضوان حسین شاہ
(ملتان)

شمس جب دورہ فلک طے کرتا ہوا برج حمل کے 19 درجے پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کا مقام حاصل ہوتا ہے۔ عموماً یہ وقت نو روز کے ٹھیک 19 دن بعد آتا ہے سیارگان میں شمس کو انفرادی اہمیت حاصل ہے کیونکہ یہ واحد سیارہ ہے جسے باقی 6 سیارگان پر واضح برتری حاصل ہوتی ہے کہ جب آسمان پر یہ طلوع ہوتا ہے۔ تو دیگر سیارے حالت غروب میں چلے جاتے ہیں اور جب یہ غروب ہوتا ہے تو دوسرے سیارے اس وقت میں طلوع ہوتے ہیں اسی وجہ سے اس سیارے کو آسمان کا بادشاہ تصور کیا جاتا ہے کہ آسمانی کونسل میں جب ساتوں سیارگان کو عہدے دیئے جاتے ہیں تو ان میں سب سے قابل احترام عہدہ بادشاہ کا شمس کو دیا جاتا ہے کیونکہ باقی سیارگان اس کے ماتحت ہوتے ہیں آسمان سلطنت میں عہدوں کی تقسیم علم نجم میں کچھ اس طرح کی گئی ہے۔ سورج بادشاہ فلک، قمر (چاند) وزیر سلطنت کا نام گیا ہے۔ مشتری کو طبیب فلک اور عطارد کو منشی فلک، مریخ سپہ سالار فلک، زہرہ کو رقاصہ فلک سب سے آخری اور نچلا عہدہ سیارہ زحل کو دیا گیا ہے یعنی اس کو خدمت گار فلک کہا جاتا ہے کسی بھی سیارے کی حالت شرف میں ایسی طاقت ور شعائیں خارج ہوتی ہیں کہ ان مخصوص اوقات میں اہل علم قرآن پاک کی آیات جو سیارہ شمس سے منسوب ہوں ان آیات کو کئی زاویوں سے استعمال کرتے ہیں کہ ان کی تاثیر میں اضافہ ہو یعنی ان آیات کے اعداد بطریقہ حروف ابجد حاصل کئے جاتے ہیں اور پھر ان اعداد کو مختلف طریقوں سے نقوش میں پُر کیا جاتا ہے جس سے اس کی تاثیر اس مخصوص وقت میں بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے اور فوری اثر دکھاتی ہے۔ کلام الٰہی میں کسی قسم کا کوئی شک وشبہ نہیں کیونکہ قرآن پاک میں واضح فرما دیا گیا ہے۔

الم ذلك الكتاب لا ريب فيه ۔

ترجمہ: ''دبلاشبہ اس کتاب میں کوئی شک نہیں''۔

صاحب عمل کی نیت اور اُصول وقواعد میں سستی یا کاہلی کی وجہ سے تو اس میں شک وشبہ ہوسکتا ہے لیکن اگر یہ کہا جائے کہ قرآن پاک سے عمل کیا مگر کوئی نتیجہ نہ نکلا ایسا کہنا سراسر کفر ہے درست نتیجہ پانے کے لئے شرط اوّل ہے کہ پہلے اپنے آپ کو درست کرلیا جائے اگر خود میں کوئی کمی یا کوتاہی ہوگی تو اس کمی یا کوتاہی کی وجہ سے علم اور عمل کو الزام دینا کم عقلی کی دلیل ہے۔ شرف کے اوقات میں جو مخفی شعائیں اس سیارے کی جانب سے زمین پر اثر انداز ہوتی ہیں اگر ان کو درست استعمال میں لایا جائے تو وہ اپنی طاقت سے صاحب عمل کے لئے عظیم قوت پیدا کرتی ہیں جس کے اثرات سے اس کی بڑی سے بڑی خواہش بھی پوری ہوجاتی ہے۔ شرف شمس کا وقت اُن لوگوں کے لئے اہمیت کا باعث ہے جو کہ اعلیٰ عہدہ پانے کے خواہش مند ہوں مشہور ہے کہ حکیم طمطم ہندی، افلاطون، ارسطو، صاحب عنایت الحکیم الجریطی، شیخ بہاءالدین عاملی، شیخ عبدالمجید مغربی، خواجہ نصیرالدین طوسی، ابوفضل، وزیر اکبر اعظم نے لوگوں کو یہ لوحیں تیار کر کے دی اور وہ بادشاہ بن گئے اور جو بادشاہ تھے انہوں نے لوحیں پاس رکھیں اور وہ فاتح عالم مشہور ہوئے۔

سکندر اعظم جو کہ بہت بڑا فاتح اور حکمران گزرا ہے۔ اپنے استاد ارسطو سے شرف شمس کے طلسمات تیار کرواتا تھا شہنشاہ جلال الدین اکبر بچہ ہونے کے باوجود تخت شاہی پر پچاس برس تک حکمران رہا کیونکہ اس کے بازو پر لوح شرف شمس بندھی رہتی تھی اس کے علاوہ اسماعیل شاہ ایران، امیر تیمور، علی قلی خان اور نواب دکن (میر عثمان کے والد) و نظام ملک بھی الوح کے حامل تھے شاہ قزوین نے حضرت شیخ بہاؤ الدین محمد اور شاہ اسماعیل، شاہ ایران نے مولانا عبدالصمد اردبیلی سے یہ لوح تیار کروائی تھی۔

کتاب کنزالمراد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ایک قول تحریر ہے ''جو شخص مہر آفتاب کو عمل میں لایا گویا وہ مثل آفتاب مرتبہ پر فائز ہوا''۔ لہٰذا ماہر جفر اور صاحب علم حضرات اس وقت کی مناسبت سے ایسے سریع الاثر عمل تیار کرتے ہیں جن کو استعمال میں لانے کی وجہ سے ایک مفلس آدمی کچھ ہی عرصہ میں غنی ہوجاتا ہے۔ ایسے اعمال اب تک عوام سے پوشیدہ رکھے گئے تھے اور ان خاص اوقات سے صرف ایک مخصوص طبقہ ہی فائدہ اُٹھا سکتا تھا۔ دوسری ایک بڑی وجہ یہ بھی تھی ایسی الواح غریب آدمی کی بساط سے باہر تھی اگرچہ اب بھی اکثر تاجر اور کاروباری حضرات اپنے لئے شرف شمس کی الواح اور طلسمات تیار کرواتے ہیں کیونکہ بعض لوگوں نے بڑے عجیب و غریب حالات عام آدمی کے سامنے رکھ کر ان الواح کی تیاری کو بہت مشکل بنا دیا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ جس وجہ سے عام شخص کی پہنچ سے یہ لوح باہر تھی۔ یہی

خیال کیا جاتا تھا کہ یہ لوح سوائے سونے کے کسی اور دھات پر بہت کم اثر انداز ہوتی ہے عام دھاتوں میں سونے کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ اسی وجہ سے یہ دھات قیمتی مانی جاتی اور پھر شمس کے متعلق دھات کو اس طرح تصور کیا جاتا ہے کہ طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے وقت سورج کا رنگ زرد، سنہرا ہو جاتا ہے اور سونے کا رنگ بھی زرد یعنی گولڈن ہے۔

زمانہ قدیم میں بادشاہوں کے سر پر سونے کا تاج رکھا ہوتا تھا اور اس تاج کے درمیان میں سورج کا نشان ہوتا تھا۔ جس سے یہ خیال کیا جاتا تھا کہ جیسے آسمان پر باقی سیاروں کو سورج کی برتری حاصل ہے اور زمین پر دیگر دھاتوں کے مقابلہ میں سونے کو برتری اور فوقیت حاصل ہے کہ جس کے سر پر ایک عظیم و شان تاج رکھا گیا ہے لیکن ضروری ہی نہیں کہ سونے ہی کی لوح فائدہ دے گی۔ ہر شخص کے لئے مالی مسائل کم ہیں جبکہ اس کی خواہشات بے شمار ہیں انہی خواہشات کی تکمیل کے لئے انسان تا عمر تگ و دو میں مصروف رہتا ہے مگر ایک خواہش پوری ہونے کے بعد آئندہ کی دو خواہشیں مزید جنم لیتی ہیں۔ دو خواہشیں پوری ہونے کے بعد مزید چار خواہشیں جنم لیتی ہیں بس یہ سلسلہ اس کی زندگی کے ساتھ ہی ختم ہوتا ہے لیکن کسی حد تک ہماری ان خواہشات کی تکمیل کے لئے اللہ تعالیٰ نے کچھ آسان مواقع انسان کو دیئے ہیں اب یہ ہماری صلاحیت پر منحصر ہے کہ ہم ان سے کس حد تک فائدہ لے سکتے ہیں۔

شرف شمس کے مخصوص وقت میں وہ افراد جو کہ کسی عہدہ پر کئی برس سے تعینات ہیں باوجود کوشش کے ترقی نہیں ملتی حالانکہ اس کا حق بنتا ہے تو اس لوح کی برکت سے اُسے ضرور ترقی حاصل ہوگی اگر حصول ملازمت میں انٹرویو کے وقت افسران توجہ نہیں کرتے ہیں تو اس لوح کی برکت سے کامیابی ممکن ہوگی اگر کسی جگہ جائز حق نہیں مل رہا ہے تو وہ بھی مل جائے گا جو شخص اہل خانہ، دوستوں، افسران بالا یا معاشرہ میں حقیر یا بے اعتبار سمجھا جاتا ہے یا وہ خواتین جن کی اپنے سسرال میں عزت نہیں ہے یا جن کے شوہر اُن کو اچھا مقام نہیں دیتے۔ غرض وہ شخص جس کی معاشرے میں عزت نہ ہو اس لوح کی برکت سے بدبختی دُور ہوگی سب لوگوں کے نزدیک اعلیٰ اور با عزت مقام حاصل ہوگا اس کے علاوہ ایسا شخص جسے کوئی مقام حاصل نہیں یا الیکشن جیت کر کسی کو وعدہ کے مطابق وزارت یا کوئی عہدہ نہیں ملتا اس لوح کی تاثیر سے وہ مقام حاصل کر کے سرخرو ہوگا تمام حکام شرفاء، دعیان زمانہ اس کا کہنا نہیں ٹالیں گے یا ایسا شخص جس کے افسران اُس سے سختی سے پیش آتے ہوں تندہی اور متکبرانہ انداز میں اُس سے گفتگو کرتے ہوں اس لوح کی برکت سے جاہ حشمت نصیب ہوگی یا وہ شخص جس سیٹ یا عہدہ پر فائز ہے اُس کی خواہش ہے کہ وہ اسی پر رہے کوئی دوسرا حاصل نہ کر سکے تو ایسے شخص کے لئے بھی یہ لوح تاثیر کے لحاظ سے باکمال ثابت ہوتی ہے۔

لوح شرف شمس جس بھی فرد کے پاس ہوگی اس کے لئے ایک نعمت سے کم نہ ہوگی موجودہ مخدوش بے رحم ظالم اور اندیشہ بیان، مال دولت کے دور میں ہر شخص کے پاس ہونی چاہئے۔ وہ افراد جن کی مالی پوزیشن کمزور ہے یا کاروبار ترقی نہیں کر رہا ہے یا مسائل زیادہ ہیں اور وسائل محدود ہیں ایسے افراد کے لئے یہ لوح بہت اہمیت کی حامل ہے اس لوح کا حامل فرد مراتب و درجات یعنی اپنے خاندان اور معاشرہ میں بہت عزت و وقار پاتا ہے، عزت، ترقی میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس بابرکت وقت سے تاجر، ملازمین، ڈاکٹر، وکلاء، لیڈر، وزراء، غرض ہر شخص فائدہ اُٹھا سکتا ہے ضروری ہی نہیں کہ ایک مخصوص طبقہ ہی اس کی برکت سے فیض یاب ہو سکے ہاں اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ وہ افراد جن کا برج اسد نام سے یا تاریخ پیدائش سے ہو اُن کے پاس اس لوح کا ہونا بہت ضروری ہے۔ کوئی بھی سیارہ جب شرف یا اوج کی حالت میں ہوتا ہے تو یہ اپنی قوتوں کو لوح میں جذب کر لیتا ہے یعنی اس خاص وقت میں اس سیارے کی لوح تیار کی جائے تو گویا اس شرفی قوت کو لوح میں جذب کر لیا ہے اب جو آدمی اس لوح کو اپنے پاس رکھے گا وہ شمس کی شرفی قوتوں کا مالک ہوگا اُس کو عروج، ترقی، اقبال، جاہ حشمت، جاہ جلال، منصب حتیٰ کہ حکمرانی تک حاصل ہوگی۔ دیگر کسی بھی بروج کے افراد اس کی برکت سے اور اس کے مخصوص وقت شرف سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں رہی بات اس کے اعمال کی تو یہاں پر بہت مختصر اور آسان طریقہ سے اس لوح کے اعمال کو سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے کہ پھر بھی اگر کسی بات کی نہ سمجھ جائے یا اس کے علاوہ کوئی بھی معلومات تو ادارہ روحانیات، ملتان (پاکستان) سے رابطہ کر کے معلوم کی جا سکتی ہیں۔

شرف شمس کا وقت سال میں ایک بار آتا ہے اور یہ عموماً وقت 7 تا 10 اپریل میں ملتا ہے جیسا کہ گزشتہ میں عرض کیا جا چکا ہے کہ یہ وقت نوروز کے ٹھیک 19 دن بعد آتا ہے اور نوروز کا وقت ہر سال 20 یا 21 مارچ کو آتا ہے یہ وہ وقت ہے کہ جب سیارہ شمس صفر درجہ پر آ جاتا ہے اور اس کا قیام برج حمل میں ہوتا ہے بس یہ برج سیارہ شمس کا خانہ شرف کا ہوتا ہے اس خاص وقت سے مکمل طور پر فائدہ لیا جا سکتا ہے۔ عمل بہت آسان طریقہ سے لکھے گئے ہیں نہ سمجھ آئے تو فون کر کے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

سیارہ شمس کا برج اسد تاریخ پیدائش 24 جولائی تا 23 اگست یا وہ افراد جن کے نام کا پہلا حرف م ہو ان تمام کا برج اسد سے تعلق ہے۔

سلام سیارہ شمس

اسلام علیکم یا شمس یا کلنائیل یا طغشیب
شرف شمس کے عمل سے قبل 1 تسبیح کریں۔

نقش کی چال

شمس کا نقش بنانے کے لئے عموماً آتشی چال کا ہی نقش استعمال کیا جاتا ہے جس کا آئندہ مفصل طور پر مثالوں میں ذکر کیا جائے گا۔

لوح شمس بنانے کیلئے دھاتوں کا استعمال

سیارہ شمس کی دھات سونا ہے اگر شمس کس لوح سونے پر بنائی جائے تو بہت تاثیر دیتی ہے اگر سونا بھی میسر نہ ہو تو اس وقت میں تانبہ کی تختی تیار کی جاتی ہے یہ لوح پہلی والی لوح سے کچھ کم اثر رکھتی ہے اگر اتنی بھی ہمت اور طاقت نہ ہو تو صرف لوہے کی تختی پر تیار کی جاسکتی ہے اس لوح کا درجہ پہلی دونوں لوحوں سے کچھ کم ہوتا ہے اگر ایسا بھی نہ ہو سکے تو پھر سنہرے کاغذ پر اس مخصوص وقت میں لوح تیار کی جاسکتی ہے عمل کی تاثیر کے لحاظ سے یہ مانا جاتا ہے کہ یہ تمام لوحیں سو فیصد کام کرتی ہیں۔ لیکن دھات کی تبدیلی کی وجہ سے صرف ذرا جلدی اور تھوڑی دیر کا فرق رہ جاتا ہے۔ سب سے بہتر سونا ہے اس کے بعد تانبہ ہے، چاندی پر لوح کام نہ کرے گی

جائے نماز اور رنگوں کا استعمال

شرف شمس کیلئے لباس گولڈن یا سرخ ہو تو اس کی تاثیر میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے اسی طرح کا بھی استعمال کیا جائے۔ ہاتھ میں فی الوقت لوح کندہ کرتے ہوئے سونے کی انگوٹھی پہن لی جائے تو اس وقت کی تاثیر میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔

کمرے کیلئے خوشبویات

شرف شمس کی لوح بنانے سے قبل کمرے کو صندل کی اگربتی سے اچھی طرح معطر کر لیا جائے اور صندل کا عطر بھی لگایا جائے۔

بخورات کا استعمال

شرف کی مکمل قوتوں سے فائدہ لینے کیلئے اور مؤکلات کو خوش کرنے اور ان کی روحانیت میں اضافہ کرنے کیلئے کوئلوں پر صندل سرخ و سفید عود، اگربتی، لوبان، عنبر، شکر، سندور ڈالا جائے ا، اگر ان میں سے چند ایک اشیاء بھی مل جائیں تو بہت ہیں لوح طلسیم یا انگوٹھی بنانے کے بعد دھوپ میں یہ بخورات جلا کر ان کا دھواں اچھی طرح لکھی گئی اشیاء کو دیا جائے تو ان کی تاثیر میں بے انتہا اضافہ ہو جاتا ہے اور فوری اثر انداز ہوتی ہیں۔

شرف کے وقت ساعت کا انتخاب

شرف کوئی بھی ہو اُس کی قوت سے مکمل فائدہ لینے کیلئے ساعت نامہ میں صرف سعد ساعتیں ہی کام دیتی ہیں مثلاً شرف شمس جس تاریخ اور وقت سے شروع ہوگا اُس کے بعد ہمیں اس سیارے کی صرف وہ ساعتیں کام دیں گی جن کا تعلق شمس سے ہوگا اور اس میں بھی وہ شمسی ساعتیں جو کہ صرف سعد اعمال کے لئے ہوں گی تاکہ عمل کی قوت برقرار رہے اس سیارے کی نحس ساعتیں سعد اعمال کے لئے ہرگز کام نہ دیں گی۔

نماز، دعا رجال الغیب

رجال الغیب سے مراد وہ اَرواح مقدس جو کہ دنیا سے پردہ فرما چکی ہیں وہ بندگان خدا جن کے اُٹھے ہوئے ہاتھ خالی نہیں لوٹتے۔ ایام کے مطابق ان کی سمتیں مخصوص ہیں اگر یہ رجال الغیب دوران صاحب عمل کے سامنے ہوں یعنی کہ عامل اور رجال الغیب کا منہ آمنے سامنے ہو تو کیا گیا عمل اُلٹ ہو جاتا ہے۔ مثلاً خیر کے لئے عمل کریں گے تو بغض پیدا ہو جائے گا اور بغض کے لئے عمل کریں گے تو حُب پیدا ہو جائے گی۔ لہٰذا پشت پر رجال الغیب کا ہونا ضروری ہے۔ جس رُخ ان کا منہ ہو اپنا رُخ اُس طرف کر لیں اور عمل شروع کرنے سے قبل اگر ان کی استعداد لی جائے تو عمل میں قوت اور تیزی آجاتی ہے اس استدعا کو دعائیہ شکل میں عمل شروع کرنے سے قبل پڑھا جائے۔ بہتر ہے کہ اس سے قبل 2 رکعت نماز نفل رجال الغیب اور مردانِ خدا کی اَرواح کو پڑھ کر بخش دی جائے شہادت کی اُنگلی سے ان کی جانب کھڑے ہو کر باادب ہاتھ باندھ کر اشارہ کیا جائے اوّل آخر درود شریف 7 بار پڑھیں۔

صلی اللہ عَلٰی حَبِیبِہ مُحمد وَ اٰلہ وَسلم

یہ دعا 7 بار پڑھیں

اَلسَّلَامُ عَلَیکم یَا اَرْوَاحِ الْمُقَدَّسَۃُ اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَا رِجَالُ الْغَیب اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَا نجباءُ اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَارَقَبَا اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَا نَقَبَاءُ اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَا اَوْتَادُو اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَا اَفرادُ اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَا اُمَنَاءُ اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَا غَوثَاہُ اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَا قُطبُ الْاَقطَابِ اَغیثُونِی بِغَوثَتٍ وَانْظُرُونِی بِنظرۃٍ وَارحَمُونِی بِرَحمَتٍ وَّحَصِلُونِی مُرادِی وَمَقصُودی وَقُومُوالِیٰ الدُّنیَا وَالْاٰخِرَۃِ بَحَقِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہ الطیبین الطاھِرِینَ بِرَحمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ O

عمل میں کامیابی کے لئے 2 رکعت نفل ادا کرے، اگر نفل پڑھنے کا وقت نہ ہو یعنی زوال کا وقت ہو تو نفل پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

طریقہ دعا بعد عمل

جو بھی اتوار آئے سورج نکلنے کے بعد اونچے مقام پر کھڑے ہو جائیں اوّل آخر درود شریف کا ورد 11 بار کریں۔ دائیں ہاتھ میں اس لوح کو لے کر سورہ اُس وقت تک پڑھیں کہ جب تک سورج نظر نہ آجائے جب سورج نظر آئے تو دعا اس طرح پڑھیں کہ اے رب العالمین! جس طرح تو نے سورج کو روشن کیا، سربلندی، عظمت، شان و شوکت عطا کی اسی طرح مجھے بھی سربلند کر دے، عزت عظمت اور شہرت اور دولت عطا کر دے اور اپنی اس اسم اعظم کی برکت سے جس کی لوح میرے پاس میں ہے مجھے خلقت میں عزت اور توقیر عطا فرما (آمین)۔

دیگر احتیاط برائے لوح، طلسم

اس کے بعد سرخ یا زرد رنگ کے ریشمی کپڑے میں سی کر اس لوح کو سیدھے بازو پر باندھ لیں شیرینی پر ختم دلوائیں اور 974 بار اسمائے مذکورہ کا ورد کریں پھر ایک بار الحمد شریف، 3 بار قل شریف اوّل آخر درود شریف پڑھ کر ختم بنام حضور اکرم اور کل ارواح مقدسہ کو بخشیں بعد فاتحہ بچوں میں شے تقسیم کر دیں، روزانہ اسمائے الٰہی کو 17 مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کریں۔

اس لوح، طلسم یا انگوٹھی کو ناپاکی کی حالت میں ہرگز نہ پہنیں، سرعام اس کی نمائش یا اس کا ذکر ہر شخص سے نہ کریں ورنہ اس کی تاثیر میں کمی آجائے گی۔ ناپاک عورت کا ہاتھ نہ لگے اگر کبھی بے احتیاطی ہو بھی جائے تو اتوار کے دن سورج نکلنے کے پندرہ منٹ بعد جوشے ناپاک ہوگئی اس کو بخورات کی دھونی دیں اور پہلے دن کے لوح باندھنے کے طریقے کے مطابق پڑھائی کرنے کے بعد دعا کریں غلطی کی معافی طلب کریں۔

عمل نمبر 1: عمل سے قبل خالص سونا 14 ماشہ ہوتا ہے اگر یہ نہ میسر ہو تو سرخ تانبے کی لوح بھی کام دیتی ہے اگر اس تانبے میں سونا ملا لیا جائے تو اور بھی زیادہ بہتر ہے ورنہ درج بالا دیئے گئے کسی بھی طریقے سے اپنی بساط، ہمت کے مطابق لوح تیار کروا کر پہلے ہی رکھ لیں اس لوح کی دیواریں لکھنے کے بعد **المص** لکھیں اس نقش کی چال طبعی ہوگی نقش کی تحریر میں آسانی کیلئے اس نقش کی چال دی جا رہی ہے یعنی جہاں پر اس نقش میں ایک لکھا ہے اُسی خانہ میں وہ حرف ویسے ہی لکھا جائے گا اور جہاں دو لکھنا ہے نقش کے خانہ کو دیکھ کر اُسی ترتیب سے حروف لکھے جائیں گے۔ ترتیب سے نقش کو پُر کرنے کے بعد کوئلہ سلگا کر ان کوئلوں پر زعفران، سندروس اور گوگل جلایا جائے اور ان بخور کے اٹھنے والے دھواں میں لکھی گئی لوح کو اچھی طرح معطر کیا جائے لوح معطر کرنے کے بعد فوراً ایسے پاکیزہ ریشمی کپڑا جو کہ زرد رنگ کا ہو اس میں لپیٹ لیا جائے اس لوح کے دوسری طرف دیا گیا طلسم لازمی بنایا جائے بس صاحب لوح کے لئے اُمراء، وزراء حکام و سلاطین سب مسخر ہوں گے ہر ایک شخص دل سے اس کی عزت کرے گا سب مشکلات اور دُشواریاں دُور ہو جائیں گی اس لوح پر نقش اور طلسم کندہ کرنے کیلئے باریک اور مضبوط لوہے کا قلم یا پرکار کی نوک استعمال کی جا سکتی ہے۔ یہ بات یاد رکھیں کہ لوح پر لکھائی کندہ کی گئی ہو طلسم کی جانب دیواریں بنانا ضروری نہیں صرف عربی نقش کیلئے دیواریں لازم ہیں نقش کی چال صرف عربی نقش پُر کرنے کے لئے دی گئی ہے۔ نقش کی چال آتشی ہے قارئین کو سمجھانے کی غرض سے مثال وضع کی گئی ہے۔

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

عمل نمبر 2

وقت مقررہ پر درج بالا طریقے سے پاکیزہ اور صاف ستھرے کمرے میں سرخ جائے نماز بچھا کر **اسم یا اللہ الاٰ لِھِ الرفیعُ جَلَالُہٗ** اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ میں پسندیدہ اسم اللہ ہے اللہ کی صفت رفعت جلال سے بھرپور ہے یہ اسم سربلندی کیلئے کام کرتا ہے اگر کوئی شخص تنگ دست ہو یا ایسا ہو کہ سب کی نظروں میں حقیر اور بے اعتبار ہو تو اس کو چاہئے کہ فجر کی نماز کے بعد اوّل آخر درود شریف 7 بار پڑھیں اور اس اسمائے مبارکہ کو 15 بار پڑھ لیں تو کوئی شک نہیں کہ اس پر رحمت باری تعالیٰ ظاہر ہو اگر کوئی شخص یہ چاہئے کہ اس کا مرتبہ بلند ہو اسے دولت ملے، سختی، تنگ دستی اُس سے دُور ہو تو ان کلمائے الٰہیہ کو 17 مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کریں طلب جاہ رفعت وحشمت، کثرت مال اس کو نصیب ہوگی اس اسم میں چار اسمائے حسنیٰ ہر شرف شمس میں اس لوح سے فائدہ لینے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے جس شخص کیلئے یہ لوح تیار کرنی ہے اس کے نام کے اعداد بطریقہ حروف ابجد قمری نکال لئے جائیں۔ ویسے سب سے بہتر اس لوح کے لئے ابجد شمسی ہیں۔

درج ذیل ابجد قمری سے کسی بھی شخص کے نام کے اعداد آپ باآسانی معلوم کر سکتے ہیں اس طرح نام کہ اعداد معلوم کرنے کے بعد آپ اس کے نام کے ہم عدد اسم اعظم بھی معلوم کر سکتے ہیں، حروف ابجد قمری میں حروف اور ان کی طاقت اس طرح ہے۔ اب نام کے اعداد ابجدی اس طرح معلوم کریں گے۔ مثلاً علی نام کے اعداد کیلئے اور نقشہ میں پہلے ہم "ع" کے نیچے عدد دیکھیں گے۔ تو 70 عدد لکھے ہوتے ہیں "ل" کے عدد 30 اور "ی" کے عدد 10 ہیں، اس طرح علی کہ عدد نکالنے کیلئے ان سب کو جمع کیا جائے گا۔ یعنی 110=70+30+10 ہوئے۔ لہٰذا علی کے اعداد 110 ہوئے اس طرح آپ کسی بھی نام کے اعداد نکال سکتے ہیں۔ نکلے ہوئے عدد کے مطابق ہم نے اسم اعظم تلاش کیا تو 110 عدد کے مطابق اسم عظم یا علی حاصل ہوا پھر اسم اعظم مخصوص وقت میں مخصوص تعداد کے ساتھ پڑھنے کے بعد اپنے بے شمار مسائل کے حل کیلئے اللہ تعالیٰ سے دُعا کر سکتے ہیں۔

حروف ابجد قمری

ا 1	ب 2	ج 3	د 4	ہ 5	و 6	ز 7
ح 8	ط 9	ی 10	ک 20	ل 30	م 40	ن 50
س 60	ع 70	ف 80	ص 90	ق 100	ر 200	ش 300
ت 400	ث 500	خ 600	ض 700	ذ 800	ظ 900	غ 1000

اس نقش میں والدہ کے نام کی ضرورت نہیں **یا الہ الھتہ** کے اعداد 514 **الرفیع** کے اعداد 391 **جلالہ** کے اعداد 69 ہیں۔

گویا اس نقش کے سب سے پہلے دور میں خانہ میں چال کے مطابق صرف نام آئے گا جس کیلئے لوح بنائی جا رہی ہے۔ اُس کے بعد خانہ نمبر 2، 3، 4 میں ایک ایک عدد کا اضافہ کیا جائے گا یعنی ہم نے علی کے عدد خانہ نمبر 1 میں لکھنے کے بجائے صرف اُس کا نام لکھ دیا ہے۔ اب خانہ نمبر 2 میں 111 خانہ نمبر 3 میں 112 اور خانہ نمبر 4 میں 113 لکھا ہے۔ اسی طرح اس نقش کے دوسرے دور میں خانہ نمبر 5 میں **یا الہ الھتہ** کے اعداد 514 میں سے 1 نفی کیا۔ لہٰذا خانہ نمبر 5 میں 513 دو لکھے 6 میں اسمائے حسنیٰ اعداد کی جگہ پر کی ہے 7 میں 515 اور خانہ نمبر 8 میں 516 عدد لکھیں۔ اب اس نقش کا تیسرا دور شروع ہوا اس میں اس میں الرفیع کے عدد 391 سے 2 نفی کئے تو خانہ نمبر 2 میں 389 لکھا خانہ نمبر 10 میں 390 تحریر کیا اور 11 نمبر میں 391 کی جگہ اس اسمائے الی الرفیع کو اسی طرح تحریر کر دیا اور بارہ نمبر میں 392 لکھا گیا ہے اس نقش کا تیسرا دور بھی مکمل ہوا چوتھے دور میں جلالہ کے 69 عدد میں سے 3 نفی کئے باقی 66 بچے جو کہ نمبر 13 میں تحریر کرے 14 نمبر میں 1 عدد کا اضافہ کیا تو 67 لکھا گیا، 15 نمبر میں 68 لکھا اور آخر خانہ میں 69 لکھنے کی بجائے اسم الٰہی جلالہ لکھ دیا گیا۔

لوح کے دائیں جانب اسمائے شمس **ابرثا صبرثا صارثا صورثا** تحریر کریں گے بائیں جانب طلسم شمس تحریر ہوگا۔ اس لوح کے نیچے دعائیہ انداز میں عبارت ایسے لکھی جائے گی جس طرح مثال میں ہے۔

لوح مکمل کرنے کے بعد بخور کی دھونی دیں طریقہ کے مطابق دعا کریں۔

چال نقش

۱۶	۱۱	۲	۱
۵	۲	۱۵	۱۲
۳	۸	۹	۱۴
۱۰	۱۳	۴	۷



ابرثا صبرثا صارثا صورثا

الھم سخرت جمیع خلقك كما سخرت لسلیمان بن داؤدعلیه السلام وكفی بالله شهیداً محمد رسول الله

نوٹ:۔ وہ حضرات جو کہ خود لوح شرف شمس تیار نہ کر سکیں۔ قبل از وقت شرف شمس ادارہ سے رابطہ کریں۔ چند شرفاتی الواح اضافی اس خاص وقت میں تیار کر کے رکھ لی جاتی ہیں۔ کہ خواہشمند افراد کو بعد میں دی جا سکے۔

رحمکاریہ جفر
خاص عمل شرف شمس

تحریر
شعیب الرحمٰن شاہ
ایبٹ آباد

اس سال شرف شمس 07اپریل رات 08بجکر 27 تا 08اپریل رات 08بجکر 53 منٹ تک رہیگا۔شرف شمس کے دوران اکثر عامل حضرات ایسے عملیات تیار کرتے ہیں جو ترقی اور عزت کیلئے کام دیتے ہیں۔آج کی محفل میں ترقی، عزت، تسخیر خلائق کیلئے علم جفر کا ایک پُر تاثیر عمل ہے۔

سورۃ القدر اعداد قمری:۔8311

کلمات:۔30 **حروف:۔112**

کل اعداد:۔8453

طالب زاہد حسین:۔145

الفاظ:۔2 **حروف:۔8**

کل اعداد:۔155

نصر من الله فتح قريب

اعداد قمری:۔1302 **الفاظ:۔6**

حروف:۔17 **کل اعداد:۔1325**

بسم الله الرحمن الرحيم786

الفاظ:۔4 **حروف:۔19**

کل اعداد:۔809

اب چاروں مجموں کے اعداد کو جمع کریں۔

سورة القدر:۔8453

زاهد حسين:۔155

آيت فتوحات:۔1325

بسم الله شريف:۔809

کل اعداد:۔10742

اب آیت فتوحات کے اعداد 1302 کو 4 ضرب دیں 1302x4=5208

اب کل اعداد سے 10742 میں سے آیت فتوحات 5208 کو تفریق کریں باقی 5534 کو خانہ نمبر 1 میں لکھ کر ہر خانہ میں 1302 کا اضافہ کریں اس طرح میزان چاروں طرف سے درست آئیگی۔

یہ لوح خالص سونا یا گولڈن کاغذ پر تیار کریں اپنے پاس رکھیں اور روزانہ سورۃ القدر 83 مرتبہ پڑھیں۔اللہ پاک غیب سے اسباب پیدا کریں گے اور عقل حیران ہوگی کیونکہ شمس فلک پر طاقتور پوزیشن رکھتا ہے اور آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور تحفہ روحانیات کے چیف ایڈیٹر ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعا فرمائیں۔



۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

لوح مزمل خاص

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کا ورد کرے گا اس کی مصیبت کو دور کر دیا جائے گا۔

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اس کی غربت اور مفلسی کو دور کرے گا، جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوگی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ 170 لڑائیوں میں فتح اسی سورۃ مبارکہ کی بدولت حاصل کی۔اس سورۃ کی بدولت آپ کرم اللہ وجہہ نے خیبر کے دروازے کو اکھاڑ پھینکا۔

حضرت بصری نے تحریر فرمایا ہے کہ جو کوئی سورۃ مزمل پڑھنے پر ہدایت رکھتا ہو اسے جس قدر حاسد ظالم، جادوگر اور بدخواہ نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے سب مغلوب ہو جائیں گے۔

اس لوح کی برکت سے امراض سے نجات، مصیبت، پریشانی سے چھٹکارا، غربت و افلاس کا خاتمہ، مشکلات میں آسانی، دشمنوں پر غلبہ، حاسد ظلم، جادوگروں، خطرناک حملوں سے بچا رہے گا۔اس کے علاوہ بے شمار فضائل و برکات اس سورۃ مبارکہ کی ہیں۔لوح مزمل خاص کی برکت سے درج بالا تمام فیض آپ فوری طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔

تمام الواح ماہر روحانیات وقت خاص ورد کے بعد تیار فرماتے ہیں۔

ھدیہ / لوح 4200 روپے

عامر تونسوی، بکسٹال نمبر2 میزان چوک کوئٹہ۔0345-8371586 ادارہ روحانیات

مالی اُمور تعلقات و محبت کا ستارہ

لوح شرف زہرہ

نقش حزب البحر

تحریر:۔ حکیم مولانا عتیق الرحمٰن ضیاء (کراچی)

محترم قارئین تحفہ روحانیات السلام علیکم! اُمید ہے کہ مارچ میں میری جانب سے شائع کردہ مضمون جو کہ نوروز کے حوالہ سے تھا آپ سب بھائیوں کو بہت پسند آیا ہوگا۔ ماہ رواں میں شرف زہرہ، وشرف شمس کے خاص موقع پر آپ حضرات کیلئے ایک خاص جامع نقش دیا جارہا ہے جو کہ دعائے حزب البحر میں سے ایک آیت کا ہے جس کے بارے میں محدث عرب وعجم حضرت شاہ ولی اللہؒ اپنی کتاب ''ہوامع'' میں اور شاہ صاحب کے بڑے فرزند حضرت علامہ شاہ عبدالعزیزؒ محدث دہلوی اپنی کتاب کمالات عزیزی میں رقمطراز ہیں کہ **کھیٰعٓصٓ ، اُنْصُرْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ الخ** یہ فقرہ گویا صورت سعادت زہرہ کی ہے اور اس پر زیادہ کرنے والی کوئی شے نہیں سوائے طبیعت زہرہ کی جو شیخ علیہ الرحمتہ کے مزاج میں مستتر یعنی چھپی ہوئی ہے شاہ صاحب آگے چل کر فرماتے ہیں کہ اس دُعا میں کہ مزاج روحانیہ سے ہے تمام سعادت زہرہ کی ظاہر ہوئی کہ آپ ہی آپ چمکنا اور محبت ومہربانی میں لوگوں کا جمع ہونا اور اٹکے ہوئے کام نکل آئے رحمت الٰہی وکشائش رزق وحفاظت کے لئے اور جب عمل پڑھنے والا کثرت سے ان کلمات کو پڑھتا ہے تو اس کلمہ سے ایک حقیقت مثالیہ اس کے مطلب کے مطابق ظاہر ہوتی ہے اور پڑھنے والے میں ایک حلاوت پیدا ہوتی ہے اور یہ صورت عمل قبول ہونے کی علامت ہے۔

عزیزان من محترم شاہ صاحب نے مزید کافی تفصیلی ذکر کیا مگر عوام الناس کیلئے جتنی ضرورت تھیں وہ میں نے عرض کردی۔ ویسے بھی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے صفحات بہت قیمتی ہوتے ہیں اس لئے مختصر کرکے بیاں کررہا ہوں۔ اب آتے ہیں اصل موضوع درحقیقت اس سال کا شرف زہرہ ہے جو کہ اس سال دوبار شرف کی قوت حاصل کررہا ہے۔

پہلی بار یہ 30 جنوری اور 31 جنوری کو شرف کے درجہ پر آیا تھا اور اب دوسری مرتبہ سیارہ زہرہ 13 اپریل 12:22 رات بحالت رجعت درجہ شرف پر آرہا ہے اور اسی درجے پر مستقیم ہوکر 17 اپریل 06:47 رات تک شرف کی حالت میں رہے گا یہاں پر سیارہ زہرہ 3 دن کچھ گھنٹوں تک شرفی قوت میں ہوگا سیارہ زہرہ گویا اس وقت اسٹیشنری پوزیشن میں ہوگا جو کہ ایک طاقت ور پوزیشن ہے۔

محترم قارئین سیارہ زہرہ عشق ومحبت، حسن وخوبصورتی اور دوستی و تعلقات کا ستارہ کہلاتا ہے، یہ مالی اُمور پر بھی اثر انداز ہے، آمدن میں اضافے اور انعامی اسکیموں میں زہرہ کا کردار بہت اہم ہے کیوں کہ دائرہ بروج میں زہرہ دوسرے گھر یعنی خانہ مال کا حاکم ہے اور دائرہ بروج کے ساتویں گھر برج میزان پر بھی اس کی حکمرانی ہے، ساتواں گھر انسانی زندگی میں تعلقات پر زور دیتا ہے لہذا ہر قسم کی پارٹنر شپ خواہ کاروباری ہو یا ازدواجی، ساتویں گھر کے زیر اثر ہے۔

کسی بھی زائچے میں سیارہ زہرہ محبت، شادی اور دیگر نوعیت کے تعلقات کی نشان دہی کرتا ہے، اگر زائچے میں زہرہ کمزور ہو یا نحس اثرات کا شکار ہو تو ایسے خواتین وحضرات کی زندگی میں ہر قسم کے تعلقات متاثر ہوتے ہیں، محبت میں ناکامی، شادی میں تاخیر، عملی زندگی میں عزیز واقارب، ملازمت یا کاروبار میں دوسروں سے تعلقات میں خرابی کی نشان دہی ہوتی ہے، ایسے افراد عموماً خشک مزاجی کا شکار رہتے ہیں، زائچے میں سیارہ زہرہ کی خرابیاں بعض اوقات نہایت پیچیدہ نوعیت کی بیماریوں کا سبب بھی بنتی ہیں جن میں جنسی ونفسیاتی امراض اور بانجھ پن جیسے مسائل شامل ہیں۔

سیارہ زہرہ اگر زائچے میں طاقت ور ہو اور نحس اثرات سے پاک ہو تو انسان معاشرے میں محبوبیت اور مقبولیت حاصل کرتا ہے، دوسرے لوگ اُس کی قربت سے خوشی وشادمانی محسوس کرتے ہیں اور پروانہ وار اس پر نثار ہونے کیلئے تیار رہتے ہیں، محبت یا شادی اس کیلئے خوشی اور اطمینان کا باعث ہوتی ہے، عام زندگی میں بھی لوگوں سے بہتر تعلقات استوار ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ملازمت یا کاروباری معاملات میں ترقی ملتی ہے اور خوش قسمتی ساتھ چلتی ہے، ایسے لوگوں کو کبھی بھی مالی پریشانی نہیں ہوتی بلکہ تحفہ تحائف ملتے رہتے ہیں اور انعامی اسکیموں میں بھی کامیابی حاصل ہوتی رہتی ہے۔

علم نجوم میں "پنجم مہا پُرش یوگ" بہت مشہور ہیں، یہ پانچ اہم سیارگان زہرہ، مشتری، مریخ۔ عطارد اور زحل کی زائچے میں باقوت پوزیشن کو ظاہر کرتے ہیں، زہرہ اگر زائچے میں اپنے بنیادی برج میزان یا پھر ثور میں ہو یا شرف یافتہ ہو اور زائچے کے پہلے، چوتھے، ساتویں یا دسویں گھر میں ہو تو "ملاویا یوگ" تشکیل دیتا ہے اور ایسے لوگ خوش قسمت تصور کیے جاتے ہیں، ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ زیادہ کوشش اور محنت کیے بغیر ہی وہ

سب کچھ حاصل کر لیتے ہیں، جس کی انہیں تمنا ہوتی ہے، پاکستان کی کئی مشہور شخصیات کے زائچے میں سیارہ زہرہ کی یہ پوزیشن موجود ہے جن میں تحریک انصاف کے سربراہ جناب عمران خان اور سابق وزیر خارجہ محترمہ حنا ربانی کھر وغیرہ شامل ہیں۔

زائچے میں زہرہ کی کمزوری دور کرنے اور ناقص اثرات سے نجات کے لئے عام طور سے ہیرا یا موتی یا اوپل تجویز کیا جاتا ہے جو آج کے زمانے میں عام آدمی کیلئے ناممکن بات ہے ایسے قیمتی جواہرات تو امراء اور بادشاہوں کے زیر استعمال ہی ہو سکتے ہیں۔

علم جفر اور علم نجوم کے اشتراک سے ماہرین نجوم و جفر ایسے طلسم و نقوش ترتیب دینے میں کامیاب رہے ہیں جو پیدائشی زائچے کی کمزوریوں اور نحس اثرات کو دور کر سکیں، اس سلسلے میں سیارہ زہرہ کے اوج، شرف یا دیگر باقوت سعد نظرات سے مدد لی جاتی ہے اور ایسا مادّہ مہیا کیا جاتا ہے جو زہرہ کے سعد و باقوت اثر کو قبول کر لے پھر مقررہ وقت پر زہرہ سے منسوب دھات پر مرتب شدہ نقوش و طلسمات نقش کر لیے جاتے ہیں ضرورت مند ایسی الواح یا خاتم (انگوٹھی) کے استعمال سے خاطر خواہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ چند سال پہلے ہم نے لوح تسخیر خاص بنا کر عام کی جو کہ بے حد پُر اثر اور فائدہ مند رہی اور تسخیر کے اعمال میں بے خطاء اور مجرب اثرات کی حامل رہی جس کا ذکر پھر کبھی کریں گے مگر اس باقوت شرف زہرہ کے موقع پر دیا گیا نقش لوح کمالات زہرہ تیار کریں یہ باکمال اور موثر ترین نقش ہم پہلی بار تحفہ روحانیات کے قارئین کی نظر کر رہے ہیں جس میں دعائے حزب البحر کی ایک مخصوص دُعا جس کا تعلق سعادت زہرہ سے منسوب ہے اس لوح مبارکہ کو شرف زہرہ کے اوقات میں ساعات زہرہ میں تمام قواعد کے ساتھ تیار کر لیں۔ سفید لباس زیب تن کریں اور عطر حنا لگائیں زہرہ سے منسوب بخور صندل سفید کا فور وغیرہ سلگائیں اور چاندی یا سیسہ کی تختی پر لوح تیار کر لیں لوح کے اندر انگریزی میں جو عدد ہیں وہ نقش کی چال کو ظاہر کرتے ہیں اصل نقش لکھتے وقت ان کو نہ لکھیں۔ نقش کے درمیانی خانہ میں زہرہ سے منسوب حروف مقطعات میں **کھیٰعٓصٓ** موجود ہے اور نقش کے چاروں کونوں میں دُعا کے آخری کلمات درج ہیں نقش مکمل کرنے کے بعد نقش کے نیچے یا اس کی پشت پر نقش کے موکل کا نام **یا وفقھغائیل** اور زہرہ کے موکلات و طلسم لکھ کر نقش مکمل کر لیں بہتر ہے کہ نقش اس وقت پہن لیں یا پھر کسی بھی نوچندے جمعہ کی پہلی ساعات میں نقش پہن لیں۔ اس سے قبل سلام زہرہ 108 بار پڑھنا نہ بھولیں۔



نقش بنانے کے بعد نقش میں موجود اسماء کا ورد روزانہ پڑھنا معمول بنالیں۔ شادی میں تاخیر رشتوں میں رکاوٹ ہو یا تسخیر خلق مطلوب ہو تو **کھیٰعٓصٓ**، **بحق خیر الفاتحین** کا ورد 198 مرتبہ پڑھیں کاروبار میں ترقی، برکت دوکان و مکان، گاہکوں کی آمد و رفت، کشادگی رزق، اولاد نرینہ کے حصول مقصد ہو تو **کھیٰعٓصٓ**، **بحق خیر الرازقین** کا ورد 198 مرتبہ کریں اور اگر مقدمہ میں کامیابی، دشمنوں کا ڈر و خوف ہو یا کسی قسم کے کھیل میں جیت ممکن ہو تو **کھیٰعٓصٓ**، **بحق خیر الناصرین** 198 مرتبہ پڑھیں۔ جمیع حاجات و مشکلات و رحمت خداوندی مقصود ہو تو **کھیٰعٓصٓ**، **بحق خیر الرحمین** کا ورد 198 مرتبہ پڑھنا معمول بنالیں غرض کئی مسائل کا ایک حل اس لوح کمالات میں موجود ہے۔ عزیزانِ من اگر اس لوح کو شرف شمس میں بنانا ہو تو درمیانی خانہ میں **کھیٰعٓصٓ** کی جگہ **سبحان الولی** لکھیں باقی نقش یہی رہے گا۔ اور طلسم و مؤکلات زہرہ کی جگہ شمس کا مؤکل **یا روقیائیل ابو عبد الله الذھب** اور شمس کا طلسم لکھ لیں اور شرف شمس کے اوقات میں ساعات شمس میں صندل سرخ کا بخور جلا کر نقش مکمل کر لیں۔



13 اپریل کو قمر برج عقرب میں ہوگا جو کہ 14 اپریل کی رات 03:27 تک رہے گا شرف زہرہ کا نقش اس کے بعد 17 اپریل تک زہرہ کی سعد ساعات میں بنالیں نقش خود نہ بنا سکیں تو مجھ سے یا پھر محترم جناب ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے بنوا کر فیض حاصل کریں۔

اسم اعظم

تحریر
مصدق قریشی
(ایبٹ آباد)

قارئین تحفہ روحانیات! کافی عرصہ سے آپ بھائیوں کی خدمت میں کافی عرصہ سے لکھ رہا ہوں جو پیار محبت مجھے آپ بھائیوں نے دیا اسے میں بھلا نہیں سکتا اس بار میں آپ بھائیوں کیلئے اسم اعظم کا ایک خاص عمل کے ساتھ حاضر ہوا ہوں۔ اُمید کرتا ہوں کہ آپ پہلے کی طرح میری حوصلہ افزائی فرمائینگے۔ اللہ نے چاہا تو آئندہ بھی آپ دوستوں کیلئے نایاب عملیات کے ساتھ حاضر خدمت ہونگا۔

بعض دوست اپنی شہرت کیلئے اپنے مضامین اور عملیات وغیرہ جرائد وغیرہ میں شائع تو کرادیتے ہیں مگر اس کا فائدہ مضمون نگار کی ذات کو ہوتا ہے اور قارئین کرام اس سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ جس کی وجہ سے اس کی مانگ کم ہو جاتی ہے۔

لکھاری اور اہل فن کو مسودہ کو سمجھنے کے لئے بہت سی کتب سے مستفید ہونا پڑتا ہے۔ میں ہر لکھاری کا اور ماہر فن کا بہت احترام کرتا ہوں۔ جن کے ذہن کی اختراع نے مجھے سافن اور علم عطا کیا ہوا ہے۔

باقی جو شخص اپنے آپ کو مکمل عامل کامل اور ہر فن مولا سمجھتا ہے وہ بے وقوف اور جاہل ہے۔ آپ نے اُستاد محترم علامہ شاد گیلانی، ڈاکٹر سید ریاض الرحمٰن نقوی البھاکری، جناب کاش البرنی و بابر سلطان مرحوم علم کی معراج حاصل کرنے کے باوجود اپنے آپ کو ہمیشہ طالب علم کہلوانے پر مُصر تھے۔

اِس دفعہ استخراج اسم اعظم کا طریقہ جوڈاکٹر سید ریاض الرحمٰن صاحب کا ہے۔ تفصیل کے ساتھ حل کر کے پیش کر رہا ہوں تا کہ قارئین کرام اِس سے صحیح طور پر مستفید ہو سکیں۔ جو بھی اس اسم اعظم وہ بندہ کے لئے بھی دُعا کرے۔

باقی اسم اعظم کی تلاش بہت ابتداء سے جاری ہے۔ بندہ چند فوائد پیش کر رہا ہے۔ آج آپ کو اسمائے الٰہی معہ اعداد و موکل بمطابق حروف تہجی لکھ رہا ہوں۔ جو اسم اعظم کے استخراج میں مدد کریں گے۔ آپ ان کی مدد سے دنیاوی مقاصد کی تکمیل اور آخرت یک بھلائی کی جاسکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے مجھے پکارو میں تم کو جواب دوں گا اور کس طرح پکارنا ہے اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ کے بہت اچھے نام ہیں۔ ان اچھے ناموں سے اللہ تعالیٰ برتر پاک کو پکارو۔ ان شاء اللہ وہ سُنے گا اور آپ کو اپنا مقصد حاصل ہوگا۔

اسم الٰہی معہ اعداد

احدُ	آخرُ	اللہ	اول	باری	باسط	باعث	باطن	باقی	برُّ	بدیعُ	بعیثُ
۳۰۲	۸۰۱	۶۶	۳۷	۲۱۳	۷۲	۵۷۳	۶۲	۱۱۳	۲۰۲	۸۶	۳۰۲
جامع	جبار	جلیل	دافع	واحد	وارث	واسع	والی	ودود	وکیل	ولی	وھاب
۱۱۴	۲۰۶	۷۳	۱۵۵	۱۹	۷۰۷	۱۳۷	۴۷	۲۰	۶۶	۴۶	۱۴
حافظ	حیُّ	حکم	حکیم	حلیم	حسیب	حمید	حفیظ	کبیر	کریم	لطیف	ماجد
۹۸۹	۱۸	۶۸	۷۸	۸۸	۸۰	۶۲	۹۹۸	۲۳۶	۲۷۰	۱۲۹	۴۸
مجیب	مجید	مُحصٰی	مالک	معز	مطعی	مانع	مصور	مقدم	مقسط	معید	مقد
۵۵	۵۷	۱۴۸	۹۱	۱۱۷	۱۲۹	۱۶۱	۲۳۶	۱۸۴	۲۰۹	۱۲۴	۱۴۴
ممیت	منقتم	مبدی	متین	مزل	مغنی	موخر	منکبر	مومن	مھین	مقیت	نافع
۴۹۰	۲۳۰	۵۶	۵۰۰	۷۷۰	۱۱۰۰	۸۴۶	۲۲۶	۱۳۶	۱۴۵	۵۵۰	۲۰۱
نور	سلام	سمیع	ستار	عدل	عزیز	علیم	علی	عفو	عظیم	فتاح	صبور
۲۵۶	۱۳۱	۱۸۰	۶۶۱	۱۰۴	۹۴	۱۵۰	۱۱۰	۱۵۶	۱۰۲۰	۴۸۹	۲۹۸
صمد	قابض	قادر	قدیر	قدوس	قیوم	قوی	قھار	رافع	رحمن	رحیم	رزاق
۱۳۴	۹۰۳	۳۰۵	۳۱۴	۱۷۰	۱۵۶	۱۱۶	۳۰۶	۳۵۱	۲۹۸	۲۵۸	۳۰۸
رقیب	روف	رشید	شھید	تواب	خالق	خبیر	خلیل	ذوالجلال	ضار	ظاھر	غفار
۳۱۲	۲۸۶	۵۱۴	۳۱۹	۴۰۹	۷۳۱	۸۱۲	۶۷۰	۸۰۱	۱۰۰۱	۱۱۰۶	۱۲۸۱
غنی	غفور	قریب	حق	رفیع	منعم	متعالی	رب	لطیف			
۱۰۶۰	۱۳۸۶	۳۱۲	۱۰۸	۲۹۷	۲۰۰	۵۵۱	۲۰۲	۱۲۹			

	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
حروف تہجی	ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
حروف تہجی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
اعداد	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰
	21	22	23	24	25	26	27	28		
حروف تہجی	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
اعداد	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰		

اصطلاح جفر میں ہر نام کا پہلا حرف حرف ''مستوی'' کہلاتا ہے نام معہ والدہ لے کر 28 پر تقسیم کریں جو عدد باقی رہ جائے گا وہ حرف دلیلی کہلائے گا۔ پھر حرف دلیلی کے اعداد لے کر 28 پر تقسیم کریں۔ جو باقی بچے گا وہ صرف سری کہلائے گا۔

ان کے مجموعہ اعداد سے اسماء الٰہی تلاش کریں، چاہے ایک ملے دو ملیں یا تین ملیں۔ ان کو اس مجموعہ تعداد کے مطابق پڑھیں۔

مثال کے طور پر رفیق کا اسم الٰہی استخراج کرنا ہے۔ مگر آپ نے نام معہ والدہ لینا ہے۔

ر+ف+ی+ق 200+80+10+100=390

اعداد			
نام کا حرف مستوری=ر	200	13	
حرف دلیلی=ع	90	28 | 390	
حرف سری=ن	50	28	
مجموعہ ٹوٹل اعداد=	340	110	2
		84	28 | 80
		16 حرف=ع	56
			14

اسمائے الٰہی برائے اسم اعظم سائل عدد ۳۴۰ اس جدول سے ڈھونڈیں گے خواہ ایک اللہ کا نام آئے۔ دو یا تین آئیں۔

اسم اعظم=جبار+ صمّد ۲۰۶+۱۳۴=۳۴۰

کام یا مقصد کو ذہن میں رکھ کر روزانہ ۳۴۰ بار جبارُ۔ صمد کا ورد کریں گے۔ وقت جگہ ایک ہو۔ ان شاء اللہ کام یا مقصد پورا ہوگا۔

ان اسمائے اعظم کے ساتھ **یا** اور **ال** کا اضافہ نہیں کرنا۔ نہیں تو کام نہیں ہوگا۔ آپ نے صرف اور صرف **جبارُ صمّدُ** پڑھنا ہے۔ نہایت قابل یقین عمل ہے۔ پڑھنے کی تعداد میں کمی بیشی نہ ہو۔ رجال الغیب کو پُشت پر رکھ کر پڑھیں۔ رجال الغیب سالانہ جنتری مزمل روحانی جنتری یا جعفریہ جنتری 2017ء سے رجال الغیب دیکھ سکتے ہیں۔

اگر آپ اس کے ساتھ یہ نقش بھی بنالیں تو کام بہت جلد ہوگا اپنے نام کے ساتھ والدہ کا نام کے اعداد نکال لیں۔

پھر اسمائے الٰہی کے اعداد جمع کریں۔ پھر اس مجموعہ اعداد میں ۳۰ عدد قانونی تفریق کر کے باقی کو ۴ پر تقسیم کریں۔ خارج قسمت کو پہلے خانہ میں لکھ کر مندرجہ ذیل چال سے نقش پُر کرلیں۔

اگر ایک بچے تو خانہ ۱۳ میں اضافہ ایک کا تحریر کریں۔

اگر دو بچے تو خانہ ۹ میں اضافہ ایک کا ہوگا۔

اگر تین بچے تو خانہ ۵ میں اضافہ ایک کا ہوگا۔

نقش مکمل قواعد وضوابط سے لکھیں، لکھتے وقت رجال الغیب کا خاص خیال رکھیں۔ اور مکمل طہارت اور مکمل قواعد وضوابط کے تحت لکھیں۔ مثال ذیل ہے۔ جاوید کے اعداد:۔ ۲۴ اعداد اسمائے الٰہی:۔ ۳۴۰

مجموعہ ۳۳۴=۳۰-۳۶۴=۳۴۰+۲۴

حاصل رقم 334 کو 4 پر تقسیم کیا باقی بچا 2

چال نقش

۱۳	۲	۳	۱۶
۸	۱۱	۱۰	۵
۱۲	۷	۶	۹
۱	۱۴	۱۵	۴



خانہ 9 میں ایک کا اضافہ ہوگا۔

اب اصل نقش کا مجموعہ چاروں طرف سے جمع کر کے دیکھیں اگر سب طرف سے برابر آتا ہے تو نقش ٹھیک ہے۔ نقش کو موم جامہ کر کے پاس رکھیں ساتھ اسم اعظم پڑھیں، جتنی تعداد ہے ان شاء اللہ کام جلد ہوگا۔

طریقہ نمبر2

اپنے نام معہ والدہ لے کر اعداد استخراج کریں۔ ابجد قمری سے ان اعداد کے مجموعہ میں مزید (۵۴۳) کا اضافہ کریں جو حروف پیدا ہوں۔ ان حروف کے مطابق اللہ کا نام تلاش کریں، ان اسماء الٰہی کو ۳۱۳ بار روزانہ پڑھیں۔ پڑھنے کے دو اچھے وقت ہیں۔ بعد از نماز عشاء اور بعد نماز فجر، ان شاء اللہ بارگاہ اللہ سے آرزو ضرور پوری ہوگی۔

پڑھتے وقت رجال الغیب کو ہمیشہ پشت پر رکھیں۔ پڑھنے کی جگہ ایک ہو۔ نماز پنجگانہ آراء کریں۔ مقصد کو ذہن میں رکھ لیں۔ باوضو پڑھیں۔ اللہ کے اسم الٰہی **یا** اور **ال** سے نہ پڑھیں۔ ورنہ اعداد کے مجموعہ میں فرق پڑ جائے گا۔ صرف پڑھیں۔

لطیف..... کبیرُ..... رافعُ ..... قوی وغیرہ وغیرہ۔

ان شاء اللہ آئندہ با مؤکل استخراج اسم اعظم نکالنے و پڑھنے کا طریقہ آئندہ ماہ کے شمارہ تحفہ روحانیات میں بتاؤں گا۔

تسخیر جنات

کرشمات ارواح

تحریر:۔ رانا ناصر علی (جھنگ صدر)

قارئین ماہنامہ تحفہ روحانیات کی خدمت میں تسخیر جنات کا صدری و مجرب الجرب عمل پیش خدمت ہے۔

قارئین کرام جنات ایک آتشی مخلوق ہے اور جنات کو تسخیر کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں کیونکہ جنات کو قابو میں لانے کیلئے تقویٰ و پرہیز گاری ضروری ہے۔ کیونکہ جنات کو تسخیر کرنے کے لئے جب آپ عمل شروع کرتے ہیں تو وہ آپ کے نقصان کرنے میں کوئی کثر نہیں چھوڑتے۔ اس لئے جنات کو قابو کرنے کے لئے مضبوط قوت ارادی اور مستقل مزاجی کا ہونا ضروری ہے۔ تسخیر جنات کے لئے ضروری ہے کہ عمل کے لئے آپ کا کمرہ الگ تھلگ ہو جو صرف آپ کے تصرف میں ہو۔ نوچندی اتوار کی رات سے عمل کو شروع کرنا ہے۔ ایک عدد چراغ گلی میں روغن تلخ روشن کریں۔ رات بارہ بجے عمل کو شروع کرنا ہے۔ اپنا حصار مضبوط کر کے عمل کو ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھیں۔ پڑھائی ختم ہونے کے بعد بغیر کسی سے گفتگو کئے سو جائیں۔ اسی ترکیب سے عمل کو روزانہ اکیس یوم تک کریں، چوتھے یا پانچویں یوم سے اثرات شروع ہو جائیں گے، دوران عمل خوفناک واقعات کا ظہور ہوگا لیکن آپ اپنا دل مضبوط رکھیں اور اپنی پڑھائی پر دھیان دیں۔ آخری یوم عجیب شور برپا ہوگا۔ اس وقت اپنے ہوش وحواس کو قابو میں رکھیں اور پڑھائی مکمل کریں جس وقت آپ کی پڑھائی مکمل ہوگی اس وقت جنات حاضر ہوں گے اور سلام کریں گے۔ آپ سلام کا جواب دیں اور معاہدہ کریں اور طریقہ حاضری بھی دریافت کر لیں۔ اس کے بعد انہیں رخصت کر دیں۔ جنات کو کبھی بھی ناجائز کام نہ کہیں ورنہ شدید نقصان اُٹھائیں گے۔ عمل سے پہلے یہ طلسم لکھ کر اپنے پاس رکھیں جو آپ کے سامنے پڑا ہوا اس عمل کو بغیر اجازت ہرگز نہ کریں۔ بغیر اجازت عمل کرنے کی صورت میں سخت رجعت ونقصان کا اندیشہ ہے۔ جس کا بعد میں ادارہ روحانیات اور میں ذمہ دار نہ ہوں گے۔ اس عمل کی خصوصی اجازت ورہنمائی کے لئے محترم جناب ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب یا مجھ سے ضرور لیں اور دُعائے خیر میں یاد رکھیں۔

عبارت عمل ذیل میں ہے

عزمت علیکم و اقسمتُ علیکم و یا معشر الجن والانس و یا طھطائیل و یا شفقائیل احضرو یا عمارش ولا بحق حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام۔

جو نقش سامنے رکھا جائیگا وہ ذیل میں ہے۔

۷۸۶

111	111	111	111
111	111	111	111
111	111	111	۱۷۱۲
111	۱۷۱۲	۱۷۱۲	111

حالت قمر

قمر در عقرب: 12 اپریل 03:41 تا 14 اپریل 15:26

ھبوط قمر: 12 اپریل 07:37 تا 05:58

قمر در ثور: 26 اپریل 06:56 تا 28 اپریل 06:38

شرف قمر: 26 اپریل 10:08 تا 11:44

شادی بیاہ کی تاریخیں

5.6.7.8.14.15.16.20.21.22.23.26.28.29

پشاور اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
اسٹار نیوز ایجنسی بازار کلاں پشاور

کوئٹہ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ

بسم اللہ کے اسرار مخفی

تحریر
شیخ عبدالخالق
(کراچی)

قارئین کرام السلام علیکم! اُمید ہے روحانی علوم سے دلچسپی رکھنے والے میرے مضمون کا انتظار کرتے ہوں گے میں ہمیشہ کی طرح اپنے روحانی خزانے سے کچھ قیمتی عملیات آپ کیلئے پیش کرتا ہوں آج کل بہت سے لکھنے والے ایک دوسرے کی نقل کر کے تحریر کرتے ہیں۔ مگر اللہ کے حکم سے اور اپنے مرشد کی نظر کرم سے ایک نیا روحانی عمل پیش کرتا ہوں۔ کافی تحقیق کے بعد تا کہ قارئین کرام پڑھیں اور فیض یاب ہو کر ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور ادارے کے تمام لوگوں اور میرے لئے دعائیں کیا کریں۔ آج آپ کیلئے یہ ایک راز کھول رہا ہوں جسے قارئین بہت پسند کریں گے۔ بسم اللہ کے کل حروف 19 ہیں جو کہ یہ ہیں۔

"ب، س، م، ا، ل، ل، ہ، ا، ل، ر، ح، م، ن، ا، ل، ر، ح، ی، م"

ان تمام حروف کو جو کہ مکرر ہیں علیحدہ کیا تو پھر "ب س م ال ہ ن رح ی" رہ گئے۔ **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ** اور اسم اعظم میں اتنا فرق ہے جتنا کہ آنکھ کی سفیدی اور سیاہی میں فرق ہے۔ قرآن پاک میں ہے۔ "اے محبوب کہہ دو ان سے کہ چاہے **رَّحْمٰن** کہہ کے پکارو چاہے **رَّحِيْم** کہہ کر یہ وہی اللہ ہے بس تم کو اختیار ہے کہ **اللّٰہ** کہو یا **رَّحْمٰن** کیونکہ اللہ **ربوبیت** اور **رحمانیت** کی دونوں صفتوں کا جامع ہے اللہ کا ہر نام بزرگ ہے اگر تم کو اللہ کی رحمت درکار ہو تو پھر یا **رَّحْمٰن** کہہ کر پکارو۔

ب:۔ بسم اللہ کی "ب" کو اگر ہرن کی کھال پر ہزار مرتبہ لکھیں اور نام دشمن مع والدہ لکھیں تو ان شاء اللہ دشمن دفع ہو جائے۔ قیدی کو رہائی کیلئے ایک ہزار بار پڑھیں تو قیدی کو رہائی نصیب ہوگی۔ اگر ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھیں تو کوئی مصیبت نہ آئے گی۔

س:۔ اس طرح "س" کو 21 مرتبہ پیپل کے درخت کے پتے پر لکھیں اور ساتھ گمشدہ کا نام لکھیں ان شاء اللہ گمشدہ جلد واپس آ جائے گا، 40 مرتبہ بعد نماز ظہر پڑھیں تو صاحب کرامت ہوگا۔ 40 مرتبہ حروف لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں تو بچہ جلدی باتیں کرنے لگے گا۔

م:۔ اگر میم کو 101 مرتبہ سیب پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو لوگوں کے دلوں میں باکمال محبت پیدا ہوگی۔ 70 بار پانی پر دم کر کے حاملہ کو پلائیں تو حامل ضائع نہیں ہوگا۔

الف:۔ آنکھ کھلتے ہی بستر پر لیٹ کر 10 بار پڑھیں تو صاحب ثروت ہوں گے۔ ہر مشکل آسان کرنے کیلئے روزانہ 3 ہزار مرتبہ پڑھیں بحکم اللہ تمام مشکلات حل ہوں گی۔ دلی مراد حاصل ہوگی۔ اگر نگینہ پر کندہ کرا کے پہنیں تو خلق کے دل میں محبت پیدا ہوگی۔ آدھے سر کے درد کیلئے اگر پانچ بار ماتھے پر لکھیں اور دم کر دیں سر کا درد جاتا رہتا ہے۔ ملازمت میں ترقی کیلئے ہر روز 111 مرتبہ پڑھنے سے ملازمت میں ترقی حاصل ہوتی ہے۔

لام:۔ چھڑی پر 71 مرتبہ لکھیں اور دم کریں اور کسی بچے کو نظر لگی ہوئی ہو تو نظر اتار دیں بچے کو فوراً سکون مل جائے گا۔ شادی کے بعد دلہن جب سسرال جانے لگے تو دلہن 92 مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کرے اور ہاتھ پورے جسم پر پھیرے، ان شاء اللہ محبت ملے گی سکون کی زندگی بسر ہوگی۔

ہ:۔ اگر کوئی 40 مرتبہ قبرستان کی مٹی پر دم کرے اور مٹی دشمن کے گھر ڈال آئے تو دشمن کا گھر برباد ہو جائے گا یا پھر اپنی آگ میں خود جلتا رہے گا اگر ایک کاغذ پر موٹا سا "ہ" کالی روشنائی کے ساتھ سرکنڈے کے ساتھ لکھے اور اس کانٹے پر "ہ" چبھا دیں۔ لگاتے اور دم کرتے وقت دشمن کا نام مع والدہ پڑھیں ان شاء اللہ دشمن برباد ہوگا۔

ن:۔ بچہ بہت زیادہ روتا ہو تو یا دودھ سے نفرت ہو تو 100 مرتبہ پڑھ کر دم کریں بچہ ٹھیک ہو جائے گا۔ ہر کامیابی کے لئے ہر روز 90 بار پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ کامیابی عطا ہوگی۔

ر:۔ درد شقیقہ کیلئے پانچ مرتبہ ماتھے پر لکھیں۔ جب کوئی نیا مکان بنانا شروع کریں تو کاغذ پر 100 مرتبہ لکھ کر 100 بار دم کریں، مکان کی بنیاد میں رکھ دیں، مکان کبھی خراب نہیں ہوگا، گھر میں لڑائی جھگڑے نہیں ہوں گے۔ مکان برائی، آفات سے محفوظ رہے گا۔

ح:۔ ہر روز 35 مرتبہ چینی کے پیالے پر لکھ کر مریض کو پلائیں تو شفاء ہوگی۔ اگر کوئی جمعہ کے دن بعد نماز عشاء سجدے میں 500 بار پڑھے پھر سو

جائے تو آنے والے حالات معلوم ہو جائیں گے۔

ی:۔ سفید حریر پر روغن زیتون سے یا کسی قلم سے 100 مرتبہ لکھے، حاسدوں سے بچے گا۔ اگر کوئی بعد نماز عصر ننگے سر روزانہ اس کا ذکر کرے تو ہر طرح کی آفات سے محفوظ رہے گا۔ رزق کی تنگی دُور ہوگی۔ قرضہ سے نجات ہوگی۔

بسم اللہ میرے خاص ورد میں ہے میں وہی عمل کرتا ہوں جس کی اجازت میرے مرشد حضرت پیر میران شاہ بخاری دیں اور میں وہی روحانی عملیات وظائف آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں کیونکہ میرے جتنے مضمون آئے ہیں اور مزید روحانی عملیات کے مضمون آئیں گے وہ تمام میرے بزرگوں کے ہوں گے وہ کوئی کتابی عمل نہیں ہوں گے۔ میرا مقصد آپ قارئین کو روحانی عملیات کی دنیا میں روحانی علوم سے آشنا کرنا ہے اور قارئین تحفہ روحانیات کو میں مزید بسم اللہ کے فائدے بتاتا ہوں۔

امیر ہونے کیلئے

طلوع آفتاب کے وقت آفتاب کی طرف منہ کر کے 170 مرتبہ درود شریف 786 بار **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** پڑھنے والے کے تمام حالات بہتر ہو جائیں گے۔

رد سحر کیلئے

7 مسجدوں کا پانی لے کر 2100 مرتبہ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** پڑھ کر دم کریں پھر کسی باغ میں جا کے غسل کریں ان شاء اللہ تمام سحر سے نجات حاصل ہوگی۔

زبان بندی کیلئے

ہر روز بعد نماز مغرب 786 بار پڑھ کر جس کی زبان بندی کرنی ہو تصور کریں اور مغربی دیوار پر 786 بار **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** لکھیں ان شاء اللہ زبان بندش ہوگی۔

بیماری دور ہو

ایسے مریض جس سے طبیعت عاجز آجائے اس کو روزانہ 70 مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں، ان شاء اللہ صحت و تندرستی کے دروازے کھل جائیں گے۔

دشمن ذلیل ہو

ہر روز فجر کی نماز کے بعد 786 بار **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** پڑھ کر دشمن کا تصور کریں، دشمن ذلیل و خوار ہوتا رہے گا۔

ان شاء اللہ میری تحقیق جو بسم اللہ کے مطابق مکمل ہوئی میں نے آپ قارئین کو مکمل طور پر پیش کر دی ہے۔ اُمید ہے کہ آپ کو بے پناہ پسند آئے گا۔ یہ مضمون ہمیشہ کی طرح مجھے اور میرے والد محترم سید عبدالحمید کے لئے خاص دعائیں دیں گے۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کر لیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

لوح شرف مشتری اور قرض نجات

غربت اور مفلسی ایک ایسا عذاب ہے جس سے نجات کیلئے اس مصیبت میں گرفتار شخص وقتی طور پر کچھ ذہنی سکون حاصل کرنے کیلئے کسی نہ کسی طرح کہیں سے قرض حاصل کر لیتا ہے اور پھر تمام عمر اُس قرض کی قسطیں ادا کرتا رہتا ہے یا پھر پہلے قرض کو اتارنے کیلئے مزید قرضہ لیتا ہے ایسے پریشان حال لوگوں کیلئے عرض کروں کہ ان کے زائچہ پیدائش میں مشتری حالت رجعت میں ہوتا ہے۔ یعنی سیارہ مشتری کی یہ گردش ساری عمر صاحب زائچہ پر ایسی اثر انداز ہوتی ہے کہ وہ قرض پر قرض لے کر اس کے وزن تلے دبا جاتا ہے شرف مشتری اللہ کی طرف سے ایسے پریشان کُن لوگوں کیلئے کسی بڑی نعمت سے کم نہیں ہے جو کہ قرض سے نجات چاہتے ہوں سیارہ مشتری کی اس نحس حالت کو ختم کرنے کیلئے لوح مشتری قرض سے نجات کیلئے تیار کی جاتی ہے جس میں خاص قرآنی آیات کی برکت اور تاثیر اس قدر ہوتی ہے کہ بہت مختصر وقت میں لوح مبارکہ اپنا اثر تیزی سے ظاہر کرنا شروع کر دیتی ہے۔ دیکھتے ہی دیکھتے قرض سے نجات مل جاتی ہے **ھدیہ 7200 روپے**

اعمال گیلانی

بسم اللہ شریف کے خواص

تحریر:۔ پیر سید سبطین حیدر شاہ گیلانی (حجرہ شاہ مقیم)

قارئین تحفہ روحانیات جیسا کہ مارچ کے شمارہ میں عرض کیا تھا کہ آئندہ اپنے چند ماہ پرانے سلسلے بسم اللہ شریف کے فوائد کو دوبارہ سے شروع کرونگا۔ الحمداللہ میں نے بسم اللہ شریف پر کافی راز ظاہر کئے ہیں مگر پھر بھی بہت کم تھے اس پر ہم مزید گفتگو کرنا چاہتے ہیں اس لئے کہ بسم اللہ شریف ہر چیز کی کنجی ہے اور پھر اکثر اولیاء اکرام نے بسم اللہ شریف کو اسم اعظم بھی قرار دیا ہے اور ہے بھی جس طرح ہم نے پچھلے صفحات پر اجمالی ساخاکہ پیش کیا ہے۔ اب اس پر احادیث کی روشنی میں تفصیل کے ساتھ گفتگو کرتے ہیں تا کہ کچھ لوگ یہ نہ سمجھ لیں کہ پتہ نہیں انہوں نے اتنی تفصیل کے ساتھ کیوں صفحات بھر دیئے ہیں۔ ہم نے سابقہ شمارہ جات ماہنامہ تحفہ روحانیات میں ذکر کیا تھا کہ اگر آدمی صرف بسم اللہ شریف کا ہی عامل بن جائے تو کافی ہوگا مزید عملیات کرنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ اس زمرے میں آکر ہم نے اس کو تفصیل کے ساتھ سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ اب چنداں تفصیل کی طرف جاتے ہیں۔

حضرت عطاء حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں جب ''بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ'' نازل ہوئی تو بادل مشرق کی طرف دوڑ پڑے، ہوائیں ٹھہر گئیں۔ سمندر میں موجیں اُٹھنے لگیں، جانور ہمہ تن گوش ہوگئے شیطانوں پر آسمانوں سے پتھر برسنے لگے اور اللہ تعالیٰ نے اپنی عزت کی قسم کھائی کہ جس چیز پر اس کا نام لیا جائے گا اسے شفا عطا کی جائے گی اور جس چیز پر اسے پڑھا جائے گا اس میں برکت ڈال دے گا۔ جس نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی وہ جنت میں داخل ہوگا۔ حضرت ابو وائل حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے جہنم کے انیس فرشتوں سے نجات دے وہ ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' پڑھے۔ بے شک اس کے اُنیس حروف ہیں تا کہ اللہ تعالیٰ اس کے ہر حرف کو ان میں سے ہر ایک کے سامنے ڈھال بنا دے گا۔

حضرت طاؤس بالواسطہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ سے ''بسم اللہ شریف کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا وہ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے اس کے اور اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کے درمیان اتنا قرب ہے کہ جتنا آنکھ کی سفیدی اور سیاہی میں فرق ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی تعظیم کرتے ہوئے زمین سے ایسا کاغذ اٹھایا جس پر بسم اللہ شریف لکھی ہوئی تھی تا کہ پاؤں کے نیچے نہ آئے تو وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں صدیقین میں لکھا جاتا ہے اور اس کے والدین کے عذاب میں تخفیف ہوتی ہے۔ اولیاء کرام فرماتے ہیں کہ شیطان تین مرتبہ اس قدر چلا کر رویا کہ ایسا کبھی نہ رویا ایک مرتبہ اس وقت جب اس پر لعنت بھیجی گئی اور آسمانی سلطنت سے نکالا گیا دوسری مرتبہ اس وقت جب نبی کریم ﷺ کی ولادت ہوئی اور تیسری بار جب سورۃ فاتحہ نازل ہوئی تھی کیونکہ اس میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تھی۔ حضرت سالم بن جعدان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا جب بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اُتری تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب پہلی بار حضرت آدم علیہ السلام پر یہ آیت نازل ہوئی تو انہوں نے فرمایا میری اُمت عذاب سے محفوظ ہوگئی جب تک وہ اسے پڑھتے رہیں گے، پھر اُسے اٹھا لیا گیا۔ اس کے بعد حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ آپ نے اس وقت اسے پڑھا جب آپ منجنیق میں تھے تو اللہ تعالیٰ نے آپ پر آگ کو ٹھنڈا اور سلامتی بنا دیا اس کے بعد اسے پھر اٹھا لیا گیا پھر حضرت سلیمان علیہ السلام پر نازل کی گئی۔ اس وقت فرشتوں نے کہا اللہ کی قسم آپ کی بادشاہی مکمل ہوگئی پھر اسے اُٹھا لیا گیا اور بعد ازاں اسے مجھ پر اتارا گیا میری امت قیامت کے دن بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتی ہوئی آئے گی اور جب ان کے اعمال ترازو پر رکھے جائیں گے تو ان کی نیکیوں کا پلڑا بھاری ہوگا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اسے اپنی کتب اور خطوط میں لکھا کرو اور جب لکھو تو زبان سے پڑھا بھی کرو۔ حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے لوح وقلم کو پیدا فرمایا اللہ تعالیٰ نے قلم کو حکم دیا کہ اس لوح پر وہ تمام لکھ دو جو قیامت تک ہونے والا ہے تو قلم نے لوح پر سب سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھی۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیت کو اپنی مخلوق کیلئے امن کا گہوارہ بنایا۔ جب تک وہ اسے پڑھتے رہیں گے۔

ساتویں آسمانوں میں رہنے والے، بلند مراتبے والے، خیمے والے بزرگ

مقرب، صف بستہ اور تسبیح بیان کرنے والے فرشتے اس آیت کو پڑھتے ہیں۔
اللہ تعالیٰ نے جب اسے حضرت سلیمان علیہ السلام پر اتارا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا گیا کہ بنی اسرائیل کے تمام گروہوں میں اعلان کردیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف سے امان کی آیت سننا چاہتا ہو وہ داؤد علیہ السلام کے محراب میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس حاضر ہو جائے کیونکہ آپ خطبہ دینا چاہتے ہیں چنانچہ ہر وہ شخص جو عبادت کا شوق رکھتا تھا جلدی جلدی آپ کے پاس پہنچ گیا یہاں تک کہ تمام علماء، عبادت گزار، زاہد اور یعقوب علیہ السلام کی تمام اولاد حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس جمع ہوگئی تو آپ کھڑے ہوگئے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے منبر پر تشریف لے گئے اور ان پر آیت امان بسم اللہ شریف پڑھی چنانچہ جس نے سُنا مسرت سے جھوم گیا۔ انہوں نے کہا ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں اس آیت کے ذریعے حضرت سلیمان علیہ السلام دنیا کے بادشاہوں پر غالب آئے تھے اور اس کے سبب ہی سے اللہ تعالیٰ نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے مکہ فتح کروایا تھا۔

پھر اسے حضرت سلیمان علیہ السلام سے اٹھا لیا گیا پھر حضرت مسیح بن مریم علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ آپ نے اس پر خوشی کا اظہار کیا اور آپ کے حواری بھی مسرور ہوئے اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی بھیجی، اے مریم کے بیٹے! کیا تم جانتے ہو کہ تم پر یہ کون سی آیت نازل ہوئی ہے۔ یہ آیت بسم اللہ شریف آیت امان ہے۔ آپ اٹھتے بیٹھتے آتے جاتے بلندی پر چڑھتے اور نیچے اُترتے بکثرت اس کی تلاوت کریں کیوں کہ قیامت کے دن جس کے نامہ اعمال میں آٹھ سو مرتبہ اس آیت کا تذکرہ ہوا، اس حال پر کہ وہ مجھ پر اور میرے رب ہونے پر ایمان لانے والا ہو، میں اسے جہنم کی آگ سے آزاد کردوں گا اور جنت میں داخل کردوں گا۔ لہٰذا تمہاری قرأت کی ابتداء اور نماز کی ابتداء بسم اللہ شریف سے شروع ہونی چاہئے۔ جس آدمی کی نماز اور قرأت کا آغاز بسم اللہ سے ہو اور اسی پر اسے موت آئے تو اسے منکر نکیر سے ڈر نہیں ہوگا۔ نیز موت کی سختی اور قبر کی تنگی اس پر آسان ہو جائے گی۔ اس پر میری رحمت نازل ہوگی میں اس کی قبر کو کشادہ کردوں گا۔ حد نگاہ تک اس کو روشن کردوں گا اور اس قبر سے اس طرح نکالوں گا کہ اس کا جسم سفید اور چہرہ روشن ہوگا اس کا نہایت آسان حساب لوں گا اس کی نیکیوں کا پلڑا بھاری کردوں گا اور پل صراط پر اسے مکمل نور عطا کروں گا۔ یہاں تک کہ وہ جنت میں داخل ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ منادی کو حکم دے گا تا کہ وہ قیامت کے میدان میں اس کی بخشش اور خوش بختی کا اعلان کردے۔

تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا یا اللہ! اے میرے رب اے میرے پروردگار کیا یہ خاص میرے لئے ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہاں خاص تیرے لئے اور ان کے لئے جو تیری پیروی کرتے ہوں گے۔ تیرے بتائے ہوئے راستے پر چلیں اور وہی کریں جو تو کہتا ہے اور آپ کے بعد احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی امت کے لئے ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے پیروکاروں کو خوش خبری سنائی کہ میرے بعد جو نبی آئے گا اس کا نام احمد ہوگا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات اور کمالات کا ذکر کیا اور اپنی قوم کو ان پر ایمان لانے کے لئے کہا اور جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو آسمان کی طرف اٹھایا تو اس وقت نئے سرے سے آپ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف بیان کئے جب آپ کے حواری ان کی اتباع کرنے والے بھی رخصت ہوگئے اور دوسرے لوگ آگئے تو وہ خود بھی گمراہ ہوگئے اور انہوں نے دوسروں کو بھی گمراہ کیا دین بدل دیا اور دین کے بدلے دنیا حاصل کرلی۔ اس وقت عیسائیوں سے آیت امان یعنی بسم اللہ شریف اٹھالی گئی اور اہل انجیل میں سے صرف مسلمانوں مثلاً راہب اور ان جیسے دوسرے لوگوں کے دل میں رہ گئی۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی بنا کر بھیجا تو فرمایا کہ یہ آیت مکہ مکرمہ میں سورۃ فاتحہ کی صورت میں نازل ہوئی پھر اسے سورتوں کے شروع میں اور رسائل اور کتب میں لکھا گیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ پر اس آیت کا نزول بہت بڑی فتح تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے عزم کی قسم کھائی کہ جو ایماندار یقین رکھنے والا اسے کسی چیز پر پڑھے گا میں اس میں اس کے لئے برکت ڈال دوں گا اور جو بھی اہل ایمان اسے پڑھتا ہے تو جنت کہتی ہے **لبیک و سعدیک** یا اللہ! اپنے اس بندے کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی برکت سے میرے اندر داخل کر پس جب جنت کسی آدمی کو بلاتی ہے تو اس کے لئے جنت میں جانا ضروری ہو جاتا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے وہ دعا نہیں لوٹائی جاتی جس میں شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ شریف پڑھی جاتی ہے اور میری امت قیامت کے دن بسم اللہ شریف پڑھتے ہوئے آئے گی اور میزان میں ان کے اعمال حسنہ بھاری ہو جائیں گے۔ باقی اُمتیں کہیں گے کس چیز نے اُمت محمدی (ﷺ) کے اعمال کو بھاری کردیا ہے تو انبیاء کرام جواب دیں گے امت محمد مصطفیٰ (ﷺ) کے کلام کا آغاز اللہ تعالیٰ کے ایسے تین بزرگ و برتر ناموں سے ہوتا تھا کہ اگر انہیں ترازوؤں کے ایک پلڑے میں رکھا جائے اور تمام مخلوق کی برائیاں دوسرے پلڑے میں رکھی جائیں تو ان کی نیکیاں بھاری ہو جائیں گی۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس آیت کو ہر بیماری کے لئے شفاء، ہر دوا کا معاون، ہر محتاجی سے غنا، جہنم کے پردہ اور زمین میں دھنسنے، چہروں کے مسخ ہونے اور سختی میں پڑھنے سے حفاظت کا ذریعہ بنایا ہے۔ جب تک لوگ اسے پڑھتے رہیں گے۔

علم جفر اور بنیادی اصول

قسط نمبر 26 حرف نورانی کے عملیات

تحریر
سید حیدر رضا حیدری
(کوئٹہ)

قارئین تحفہ روحانیات اس بار آپ کیلئے حروف نورانی لے کر حاضر ہوا ہوں۔ان شاءاللہ آئندہ ماہ حروف ظلمانی کے ساتھ حاضر خدمت ہونگا۔

حروف تہجی میں 14 (چودہ) حروف نورانی ہیں، جو یہ ہیں:

ا، ہ، ح، ط، ی، ك، ل، م، ن، س ع، ص، ق، ر

حروف نورانی کو یاد کرنے کیلئے اہل علم نے دو کلمات بنائے ہیں۔

(۱) طرف سمعك الصيحه

(۲) من قطعك صله سحيرا

حروف نورانی کی ترتیب ابجد کے لحاظ سے یہ کلمات ہیں:

اهحطی کلمن سعصقر

یاد رکھیں حروف نورانی کے کل اعداد ۶۹۳ ہیں۔

(۱) صغیر برائے فتوحات

(۲) وسیط برائے مہمات کلی

(۳) کبیر برائے تسخیر روحانیت نورانیہ

میں یہاں صرف زکات صغیر کا ذکر کر رہا ہوں کیونکہ مجھے صرف اپنے مرشد کریم کی طرف سے اس کو بیان کا حکم ہے۔ باقی دو زکات سینہ بہ سینہ ہیں۔

حروف نورانی کی صغیر زکات چاند کی پہلی تاریخ سے 14 تاریخ کی ہے۔ایسے ماہ کا انتخاب کریں جس میں قمر در عقرب نہ ہو۔کلمہ حروف نورانی **اهحطی کلمن سعصقر** کو 693 مرتبہ لکھیں۔14 دن تک ۔جب آپ 14 دن میں زکات مکمل کر لیں۔تمام کاغذ سمندر میں بہا دیں۔اب روزانہ کلمہ حروف نورانی کو 72 مرتبہ لکھ لیا کریں۔زکات قائم اور پُر تاثیر رہے گی۔

حروف نورانی کے خواص

کوئی شخص چاہتا ہے کہ زندگی بھر وہ خوش و خرم رہے اور ہر کام میں کامیابی و کامرانی نصیب ہو تو وہ ذیل کے طریقے پر عمل کرے:

طالب: محمد ندیم بن سرداراں طالب کے اعداد 712

مقصد: خوشی، کامیابی مقصد کے اعداد 1000

حروف نورانی: **اهحطی کلمن سعصقر** اعداد 693

مطلوبہ اسمائے الٰہی اعداد 693

کل میزان 3098

قانون کے مطابق میزان سے عدد طرح کم کیا ۳۰۸۶-۱۲=۳۰۹۸

عدد ۳ سے تقسیم کیا ۱۰۲۸=۳÷۳۰۸۶ بقایا ۲

1 اب نقش مثلث کے پہلے خانے میں رکھ کر ترتیب (چال سے) نقش پُر کریں گے۔کیونکہ تقسیم کرنے سے باقی 2 بچے، لہٰذا خانہ دو میں ایک کا اضافہ ہوگا۔یہ نقش آتشی چال سے پُر کیا گیا ہے۔کیونکہ میں نے جتنا آتشی چال پر اثر پایا ہے اتنا کسی اور چال کو نہیں۔میں نے نقش سادہ بنایا ہے۔آپ بناتے وقت تمام شرائط عملیات کا خیال رکھیے گا۔

۷۸۶

۱۰۳۶	۱۰۲۸	۱۰۳۴
۱۰۳۰	۱۰۳۳	۱۰۳۵
۱۰۳۲	۱۰۳۷	۱۰۲۹

یا الٰهی بحرمت هذا لوح مبارك محمد ندیم بن سرداراں خان کو تاحیات خوش و خرم اور هر کام میں کامیابی و کامرانی عطا فرما۔

اب اس نقش کو ہرے رنگ کے کپڑے میں رکھ لیں، روزانہ اپنے نام یا حروف نورانی کے اعداد کے مطابق مطلوبہ اسمائے الٰہی کا ورد کریں۔ان شاءاللہ تعالیٰ آپ تاحیات خوش و خرم اور ہر کام میں آپ کو کامیابی و کامرانی نصیب ہوگی۔

حروف نورانی کا طلسم

جب آپ نقش لکھ لیں تو اس کی پشت پر حروف نورانی کا طلسم (آپ کے نام سے) بھی لکھ دیں۔

حروف نورانی: ا ہ ح ط ی ك ل م ن س ع ص ق ر

طالب کے نام کے حروف: م ح م و ن و ی م س ر و ا ر ا ن

امتزاج دیں: ا م ح ح م ط و ی ن ك د ل ی م م ن س س ر ی ع و ص ا ق ر ر ا ن ہ

امتزاج دی ہوئی سطر میں حروف کی تعداد کو گنیں اگر تعداد طاق ہے تو کلمہ پانچ حروف کا بنائیں اور اگر جفت میں ہے تو کلمہ چار حروف کا بنائیں۔ امتزاج دی ہوئی سطر میں حروف کی تعداد 31 ہے یعنی طاق۔

کلمات: **امھح۔ مطدین۔ کدلیم۔ منسسر۔ عد صاق۔ ررااانھ** ۔نقش کی پشت پر ان کلمات کو یوں لکھیں:

یا الٰھی بحرمت بحق امھحح ، مطدین، کدلیم، منسسر، عد صان، ررااانھ

محمد ندیم بن سرداراں کو تاحیات خوش وخرم اور ہر کام میں کامیابی وکامرانی عطا فرما۔ **یا رب اغثنی انك علی کل شیء قدیر۔**

طلسم زنگرج

یہ ایسا خاص طلسم ہے جو کہ 12 سال میں صرف ایک بار استعمال ہوتا ہے اس طلسم کی برکتیں اس قدر ہیں کہ حیران کُن طور پر سامنے آئی ہیں۔ گزشتہ شرف مشتری میں طلسم زنگرج مکتبہ روحانیات نے تیار کیا اور پھر ایسے بیکار اور ناکارہ لوگوں کو بھی یہ طلسم دیا گیا جن کے بارے میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ کبھی مال و دولت حاصل نہ کرسکیں گے اور کبھی کوئی کاروبار بہتر طور پر بھی نہ چلاسکیں گے اللہ تعالیٰ کی قدرت پہ قربان جائیں۔ کہ آج وہی لوگ مالی طور پر نہایت مستحکم ہیں جو کہ کبھی کنگلے اور بیکار کہلاتے تھے۔ طلسم زنگرج کی برکت ہے کہ اس طلسم کو پاس رکھنے کے بعد کوئی ورد وظیفہ نہیں پڑھنا پڑتا اور اس طلسم کا اثر تمام انسانوں پر یکساں ہوتا ہے یعنی کے مسلم و غیر مسلم حضرات دونوں ہی اللہ کی اس نایاب نعمت سے مکمل فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ اب اُن تمام دوستوں کے لئے ایک بار پھر یہ طلسم تیار کیا جا رہا ہے جنہوں نے گزشتہ شرف مشتری گزرنے کے بعد طلسم زنگرج کی خوبیاں اپنے اُن دوستوں سے سُنی جنہوں نے یہ طلسم حاصل کر لیا تھا۔ مگر طلسم زنگرج کی زیادہ طلب ہونے کے باعث مکتبہ روحانیات میں یہ طلسم ختم ہو چکے تھے اب 12 سال بعد یہ موقع آیا ہے کہ عزت، مال، دولت، خوشحالی، انعامی اسکیم میں جیت کا حصول کا طلسم تیار کیا جاسکے یاد رکھیں طلسم زنگرج صرف مکتبہ روحانیات میں تیار کیا جاتا ہے کیونکہ یہ ایک ایسا خاص طلسم ہے جس میں قوت اور تاثیر پیدا کرنے کیلئے انتہائی محنت درکار ہوتی ہے۔ یہ خاص طلسم مکتبہ روحانیات کے خاص رازوں میں سے ہے جو کہ بزرگوں سے نسل در نسل چلتا آرہا ہے۔

ھدیہ طلسم زنگرج 4200 روپے

بلڈ پریشر کا خاتمہ

بلڈ پریشر کے خاتمہ کیلئے ادارہ روحانیات میں ایک خاص رنگ فنگر (چھلا) تیار کی گئی ہے۔ جس کے استعمال سے بلڈ پریشر فوری ختم ہوجاتا ہے اور تاحیات یہ مرض دوبارہ نہیں پیدا ہوتا۔

ھدیہ 500 روپے

لوح مشتری

عزت، مال و دولت، انعامی چانس میں مکمل کامیابی 12 سال بعد مشتری کی طاقت میں تیار کی جانے والی حصول مال وزر کا خزانہ۔

اس لوح کی برکت سے غیب سے مال حاصل کرنے کے راستے کھل جاتے ہیں۔

لوح منگوانے کیلئے آج ہی ادارہ سے رابطہ کریں

0300-6351192 ہدیہ لوح 7200 روپے

لوح نجات قرض

مالی تنگدستی کی وجہ سے انسان اس لوح مبارکہ کی برکت سے چند دنوں میں ہی قرض سے نجات مل جاتی ہے۔ ذہنی پریشانی ختم ہوجاتی ہے۔ کاروبار وسیع ہوجاتا ہے۔ گھر میں خوشحالی آجاتی ہے۔ لوح مبارکہ نجات قرض پریشان حضرات کے لئے خاص تحفہ ہے۔ سورۃ مزمل کی شان میں تین حدیث مبارکہ ہیں۔ جس میں تینوں حدیث مبارکہ کا مفہوم مصیبت، غربت، مفلسی، مشکلات، عذاب سے نجات کی خوشخبری دیتا ہے۔

سورۃ مزمل کی تجلیات و برکات سے مزین خاص سعد اوقات میں اوراد مکمل کرنے کے بعد تیار کی گئی لوح مبارکہ نجات قرض سے بے شمار لوگ فیض حاصل کر چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس لوح مبارکہ کے طفیل ایسے اسباب پیدا کردیتا ہے جو کہ انسان کے وہم وگمان میں بھی نہ ہوں۔ لوح 4200 روپے

لوح حصول انعام

اگر بدنصیبی، مفلسی، بے روزگاری آپ کا مقدر بن چکی ہے اور اس دکھ درد کو کم کرنے کیلئے مالی حالات کی بہتری کے لئے کئی انعامی سکیموں میں حصہ لینے کے بعد ناکام ہوگئے ہوں تو لوح حصول انعام آپ کی اس خواہش کی تکمیل میں مددگار ثابت ہوگی۔ اس لوح کی برکت سے انشاء اللہ اول انعام حاصل ہوتا ہے۔ لاتعداد لوگ اس لوح سے فائدہ حاصل کرچکے ہیں لوح حاصل کرنے کے لئے فوری ادارہ سے رابطہ کریں۔ تاکہ آئندہ قرعہ اندازی میں آپ انعام حاصل کرسکیں۔ ہدیہ لوح حصول انعام 7200 روپے

نایاب الرّمل

قسط نمبر 17

تحریر
رمال ملک اویس جعفری
(ہارون آباد)

قارئین تحفہ روحانیات جن حضرات کے مجھے پچھلے ماہ رمل سے متعلق سوالات ملے تھے میں نے اُن تمام قارئین کو ادارہ کی جانب سے جوابات روانہ کر دیئے ہیں اگر پھر بھی کسی قاری کو کوئی جواب نہ ملا ہو تو وہ ادارہ سے فوری رابطہ کرے ان شاءاللہ اُس کے مسائل کا حل فوری طور پر کیا جائے گا۔

سوال: ۔سائل نے سوال کیا۔میرے گھر میں سکون نہیں ہے اس کی کیا وجہ ہے؟



اس سوال کے جواب کیلئے سائل کو قرعہ ڈالنے کیلئے کہا۔سوال کا تعلق خانہ چہارم کے ساتھ ہے جو کہ سائل کا گھر ہے۔اس میں شکل اجتماع آئی ہے۔بیان کیا کہ سائل کا گھر نحس ہے اور کسی ذی روح کے اثرات ہیں۔خانہ نہم جس کا تعلق حاضرات کے ساتھ ہے۔اس میں شکل طریق ہے۔سائل کو بتایا گیا کہ آپ کے اوپر بھی اثرات ہیں اور آپ کا سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں۔اور آپ پر حاضرات بھی ہو سکتی ہے۔سائل نے کیا کہ آپ نے جو کچھ بتایا ہے یہ باتیں سو فیصدی صحیح ہیں۔میں اپنے گھر سے باہر ٹھیک رہتا ہوں۔جونہی میں اپنے گھر میں داخل ہوتا ہوں تو میرے سر اور کندھے بھاری ہو جاتے ہیں۔

سوال: ۔سائل نے سوال کیا کہ ہمارے کام بن کر بگڑ جاتے ہیں۔گھر میں بے سکونی لڑائی جھگڑا رہتا ہے کیا ہمارے گھر پر کسی نے کچھ کیا ہوا تو نہیں ہے؟

جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔قواعد بالا کے تحت اس کا حل پیش خدمت ہے۔زائچہ کے خانہ چہارم میں شکل انکیس ☰ ہے۔

تکرار اس شکل کا طالع اور خانہ سوئم میں ہے۔بیان کیا کہ سائل کے گھر میں کوئی قبر ہے۔جس کی وجہ سے سائل بندش کا شکار ہے۔سائل کے گھر سے جنوب کی طرف قبرستان ہے اور شمال کی طرف آسیبی علاقہ ہے۔سائل کا گھر جس جگہ پر ہے یہ جگہ ٹھیک نہیں اس لئے سائل کا گھر نحس ہے۔



سوال: ۔سائل نے سوال کیا۔دکان پر گاہک نہیں آتے۔میرا خود بھی اس دکان پر بیٹھنے کو دل نہیں کرتا۔جتنی دیر دکان میں بیٹھتا ہوں۔سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں؟



جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔اس سوال کے تحت جو

عابد شاپر فروش ،ریلوے چوک کوٹ ادو۔ 0333-6002048
ادارہ روحانیات

زائچہ بنا۔قواعد بالا کے تحت اس کا حل یہ ہے۔میزان میں شکل ذمتہ الن رج آئی ہے۔نقطہ مخیر کو حرکت دی۔جو سیر کرتا ہوا خانہ چہارم میں منتہی ہوا۔سائل کے سوال کا تعلق بھی اسی خانے سے ہے جو کہ دکان کا خانہ ہے۔اس میں شکل طریق ہے۔جس کا تعلق جادو سے بندش کے ساتھ ہے۔تکرار اس شکل کا خانہ نہم میں ہے۔بیان کیا کہ سائل کی دکان میں جادو سحر کے اثرات ہیں اور وہ بند ہے۔اور سائل کے اوپر بھی جادو سحر کے اثرات ہیں۔اسی وجہ سے دکان میں بیٹھنے کو دل نہیں کرتا اور سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں۔

سوال: ۔سائل نے سوال کیا کہ میرے لئے موجودہ مقام پر رہنا بہتر ہے یا کسی دوسری جگہ پر؟

قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔قواعد بالا کے تحت اس کا حل پیش خدمت ہے۔



خانہ اوّل و چہارم کا تعلق موجودہ مقام سے ہے۔خانہ ہفتم و دہم کا تعلق دوسری جگہ سے ہے، جہاں پر سائل جانا چاہتا ہے۔قاعدہ پر ہے کہ اگر اشکال خانہ اوّل و چہارم سعد داخل ہوں اور ہفتم و دہم میں نحس تو موجودہ مقام پر رہنا بہتر ہوتا ہے۔اس زائچہ میں اشکال اوّل و چہارم سعد داخل ہیں اور خانہ ہفتم میں نحس خارج اور دہم میں من قلب شکل ہے۔بیان کیا کہ آپ کیلئے موجودہ مقام پر ہی رہنا بہتر ہے اور یہیں پر رہ کر آپ کو کامیابی ملے گی۔

سوال: ۔سائل نے سوال کیا کہ میرے گھر کا حساب کر کے بتائیں کہ بیوی سے لڑائی جھگڑا اور بندش کاروبار کی کیا وجہ ہے؟

جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔خانہ چہارم جو کہ سائل کا گھر ہے۔شکل عقلہ ☍ آئی ہے جو کہ قبر سے منسوب ہے۔بیان کیا کہ سائل کے گھر میں کسی بزرگ کی قبر ہے اور وہ کسی بے احتیاطی کے سبب بندش کا شکار ہے، خانہ ششم جو کہ روزگار کا خانہ ہے۔شکل جماعت ☰ آئی ہے۔جو کہ بندش سے منسوب ہے سائل کے کاروبار میں بندش ہے۔سائل کے گھر سے جنوب اور شمال کی طرف قبرستان ہے۔سائل کو اس جگہ سے پرہیز کرنی چاہئے۔سائل کے بہن بھائیوں کا طالع بھی نحوست میں ہے اور وہ یا سائل ایک دوسرے سے عداوت رکھتے ہیں۔



سائل کے خانہ ہفتم میں شکل لچان ☲ ہے خانہ ہفتم سائل کی بیوی کا ہے اور لچان کا تعلق طلاق سے ہے۔شکل ہفتم کا تکرار خانہ دہم میں ہے۔حکم اس کا یہ ہے کہ بیوی کی طرف سے طلاق کا کیس عدالت میں آسکتا ہے۔

سوال: ۔سائلہ نے سوال کیا کہ میری بیماری جسمانی ہے یا کہ روحانی؟

قرعہ سائلہ کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔قواعد بالا کے تحت اس کا حل پیش خدمت ہے۔



دیکھو زائچہ بند ہے۔بیان کیا کہ سائلہ پر جادو سحر کے اثرات ہیں۔سائلہ کے طالع میں شکل جماعت ☰ آئی ہے جو کہ جادو سحر بندش سے منسوب ہے یہ دوسری دلیل جادو سحر کی ہے۔سائلہ کے خانہ چہارم جو کہ سائلہ کا گھر ہے۔شکل احتجاج ☷ آئی ہے۔جس کا تعلق جادو سحر کے ساتھ ہے۔سائلہ پر اثرات گھر سے ہیں۔سائلہ کو بتایا گیا کہ آپ کی بیماری روحانی ہے جسمانی نہیں ہے۔

لہسن Garlic سبزیوں کی افادیت

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

میرے پیارے دوستو! عرصہ سے آپ کی خدمت میں مختلف پھلوں اور سبزیوں کی افادیت بارے ہر ماہ باقاعدگی سے مضمون و تحقیق ارسال کروا رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے کس قدر راز رکھے ہیں ایک مختصر سی جھلک آپ کو میرے مضامین میں ضرور نظر آئے گی۔

لہسن کا تعلق ان سبزیوں سے ہے جن کی جڑیں غذا کے طور پر استعمال کی جاتی ہیں یہ پیاز کے خاندان کی گھریلو سبزی ہے۔ جسے زمانہ قدیم سے کاشت کیا جا رہا ہے۔ لہسن کی اہمیت کئی حوالوں سے ہے۔ اسے بطور غذا، جراثیم کش دوا، آرائشی پودا، معاون حسن اور معجز، تمام تریاق کے ساتھ ساتھ بطور طبی پودا نا معلوم زمانوں سے انسان کام میں لا رہے ہیں۔ لہسن مقوی بدن ہونے کے ساتھ ساتھ بہت سی جسمانی بیماریوں کو اپنی عمدگی اثرات کی بدولت رفع کرتا ہے۔ اس کی بو، تاثیرات کا اہم اور اعلیٰ جزو ہے۔ جو بہت سے جراثیموں کو فنا کرنے کی قوت رکھتی ہے۔ یہ مقوی جسم، مقوی باہ اور مصفی خون ہے۔ بدہضمی، پسلیوں کا درد، دباؤ گولہ، قلت ہاضمہ، بلغمی کھانسی (دمہ)، ورم بدن، بوسرا بادی اور پیٹ کے کیڑوں کو دور کرنے کے لئے بہت ہی موثر اور فائدہ مند ہے۔ لہسن کا استعمال حافظہ کو بڑھاتا ہے۔ دماغ کو طاقت ور بناتا ہے۔ بینائی کو تیز کرتا ہے۔ موتیا بند کے پانی کو روکتا ہے پردوں کی اصلاح کرتا ہے اور نظر کی کمزوری کی مجرب دوا یا بالغذا ہے۔ ایام وباء میں اسے استعمال کرتے رہنے سے زہریلا مادہ جسم میں داخل نہیں ہو سکتا۔ نیز پہلے سے جمع شدہ مواد اس کے استعمال سے آہستہ آہستہ جل جاتا ہے۔ یا خارج ہو جاتا ہے۔ بلغمی، گنٹھیا، فالج، لقوہ کی حالتوں میں بچوں، بوڑھوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ اسے سرد مزاج مریض بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ لہسن مصالحوں میں شمار کی جانے والی فصل ہے۔ اس کا پودا کھڑا ہوتا ہے اور دو سال تک رہنے والا ہوتا ہے۔ اس کے باوجود اس کی کاشت ہر سال کی جاتی ہے۔ اسکے تمام فوائد اس کی جڑ میں جمع ہوتے ہیں۔ جو کئی کئی تریوں پر مشتمل ہو گٹھے کی صورت میں ہوتی ہے۔ اس کے پتے اور ڈنٹھل چپٹے ہوتے ہیں اس کے ایک گٹھے میں دس سے 35 تک بریاں ہوتی ہیں۔ جو الگ الگ پتلے چمکدار سفید غلاف میں ملفوف ہوتی ہیں اور سب کی سب ایک سفید غلاف میں گٹھے کی شکل میں لپٹی ہوئی ہوتی ہے۔ لہسن کا آبائی وطن وسط ایشیا کا علاقہ ہے لیکن چینی لوگ اسے تین ہزار سال قبل مسیح سے استعمال کرتے چلے آتے ہیں۔ آج کے ترقی یافتہ دور میں بھی چین کے لوگوں کی روز مرہ غذا کا اہم جزو ہے۔ دنیا کے دیگر ممالک یعنی قدیم، مصر، یونان، روم میں بھی لہسن کاشت کیا جاتا ہے۔ کچی غذا کے علاوہ کئی امراض میں بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے۔ آج لہسن پوری دنیا میں پھیل چکا ہے اور اکثر ممالک میں کاشت کیا جا رہا ہے۔ جن میں پاکستان، بھارت، فلپائن، ایتھوپیا، کینیا، برازیل اور میکسیکو کے نام شامل ہیں۔

لہسن پر جدید تحقیقات:۔ امریکہ جیسے ترقی یافتہ ملک میں لہسن کی روز بروز بڑھتی ہوئی مقبولیت کے پیش نظر میونخ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے مشہور سائنس دان ڈاکٹر یفورڈ نے 1926 میں اپنے مقالہ میں لہسن کی خوبیوں کو ان الفاظ میں سراہا، لہسن خدا کا عطیہ ہے جس کے استعمال سے دل و دماغ اور جسم تینوں ترقی پذیر ہوتے ہیں۔ اس کے متواتر استعمال سے جسمانی طاقت بے انتہا بڑھ جاتی ہے اور جسم میں خون صالح پیدا ہوتا ہے۔ لہسن بارا یسے ہی حالات کا اظہار نیو یارک کے مشہور ڈاکٹر پوڈالسکی نے کیا ہے۔ نیز مانچسٹر میڈیکل ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر ای۔ سی۔ بریڈ نے لے تو اس کے فائدے بیان کرتے ہوئے کہا ہے لہسن دماغی امراض کزاز اور دق سل کے لئے بے حد مفید ہے۔ میں اس کو دواؤں میں ایک عظیم دوا خیال کرتا ہوں۔ جوں جوں سائنس ترقی کرتی گئی لہسن پر تحقیقات کا سلسلہ دھرے دھرے بڑھتا رہا۔ یہاں تک کہ اب اسے ایک بہترین دافع تعفن دوا قرار دے دیا گیا۔ چنانچہ مشہور روسی سائنس دان بی زیتولاسکی اپنے مقالی، پودے جو جراثیم ہلاک کرتے ہیں۔

پیاز اور لہسن جنہیں قدیم مصری اور دوسرے ملکوں کے عوام بطور دوا استعمال کرتے ہیں، میں ایسے مادے پائے گئے ہیں جو مختلف قسم کے جراثیم اور طفیلی کیڑوں کے بہت تھوڑے عرصے میں ہلاک کر سکتے ہیں۔ ان کا بیان ہے کہ لہسن میں اتنی طاقت کا مادے ملتا ہے جو دق کے جراثیم کو پانچ منٹ کے اندر اندر ہلاک کر سکتے ہیں۔

حال ہی میں امریکہ میں ایک تحقیق اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ لہسن میں تیل پایا جاتا ہے جسے الائیل سلفیڈ کہتے ہیں۔ یہ اسے جراثیم کش بناتا ہے بیکٹیریا کی افزائش کو روکتا ہے اور عمل تکسید سے سلفونیک ایسڈ میں تبدیل ہو کر جگر پھیپھڑوں، گردوں اور جلد سے مضر بیکٹیریا کو خارج کرتا ہے۔

لہسن کی غذائی صلاحیت: ۔لہسن کو اپنی صحت بخش خوبیوں کی وجہ سے پوری دنیا میں گزشتہ کئی صدیوں سے اعلیٰ مقام حاصل رہا ہے۔ تاریخ بتاتی ہے کہ اہرام مصر کے معماروں میں ایک معمار کا نام خنوم خوفوف تھا۔ وہ پہلا شخص تھا جس نے لہسن کی خوبیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے تمام کارکنوں کو حکم دیا تھا کہ وہ روزانہ لہسن کھا کر کام شروع کیا کریں تاکہ ان کی صحت اور طاقت برقرار رہ سکے۔ جدید طب کے باوا آدم بقراط جن کا دور (352-460ق۔م) نے قدیم ایتھنز میں طب کی تعلیم اور یونانی طریقہ علاج کو رائج کیا تھا کہ لہسن کو متعدی امراض کے دوران اور خصوصاً انتڑیوں کے امراض میں استعمال کرنا بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔ لہسن کے کیمیائی تجزیہ سے یہ پتہ چلا ہے کہ لہسن میں معدنی اور حیاتینی اجزاء کی وافر مقدار موجود ہے۔ اس میں آیوڈین اور کلورین کے علاوہ سلفر کی کچھ مقدار بھی پائی جاتی ہے۔ جدید تحقیق سے یہ پتہ چلا ہے کہ لہسن میں دق کے جراثیم ہلاک کرنے کی بے پناہ صلاحیت پائی جاتی ہے۔ لہسن خود بھی جزو بدن بنتا ہے۔ اور خون کو تقویت پہنچاتا ہے ایک مشہور جرمن ڈاکٹر کا قول ہے، جب تک دنیا میں لہسن موجود ہے مریضان دق کو مایوس نہیں ہونا چاہئے۔

اس مقولہ کی روشنی میں یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ لہسن کو مریضان دق کے لئے حکیمی دوا تسلیم کیا گیا ہے۔ خالص لہسن کا عرق بہت زیادہ سوزش پیدا کرتا ہے۔ اسی لئے پانی ملا کر اس کا عرق نکالا جاتا ہے۔ تاکہ حلق اور معدے میں زیادہ جلن اور خراش پیدا نہ ہو۔ لہسن کا مزاج گرم خشک ہے اس لئے ان لوگوں کو جن کا مزاج گرم ہو اس کا زیادہ استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ دق کے مریض اگر اسے گاہے گاہے سونگھتے رہیں تو ان کا یہ سونگھنا قاتل جراثیم دق ثابت ہوتا ہے۔ بچوں کے گلے میں اس کی تریوں کا ہار بنا کر ڈالا جائے تو تریاں کسی کپڑے میں باندھ کر اس طرح لٹکائی جائیں کہ لہسن ان کے سینے اور حلق سے مس ہوتا رہے تو وہ بلغمی کھانسی سے محفوظ رہتے ہیں۔ رات کے وقت لہسن کی ایک دو تریاں کھانا لہسن کو ابال کر قوام میں ڈال کر یا لہسن میں شہد کر کھاتے رہنے سے مندرجہ بالا تمام فوائد حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ طب کی مشہور کتاب خزائن الادویہ میں اسے چوتھے درجہ تک گرم بتایا گیا ہے۔ اس کی حرارت کو انسانی جسم کی حرارت غریزی کی مانند قرار دیا ہے۔ لہسن کا استعمال سرد بلغمی مزاج رکھنے والوں کے لئے بہت فائدہ مند ہے۔ جبکہ بواسیر، پیچش اور خنازیر کے مریضوں کے لئے ضرر رساں ہے۔ گرم مزاج رکھنے والوں کو لہسن کے استعمال سے پیاس لگتی ہے۔ منہ میں خشکی پیدا ہوتی ہے اور سردرد کا موجب بنتا ہے۔ لہسن کے 100 گرام میں رطوبت 62.0 فیصد، پروٹین 6.3 فیصد، ریشے 0.8 فیصد، چکنائی 0.1 فیصد، کاربوہائیڈریٹس 29.8 فیصد اور معدنی اجزاء 1.0 فیصد پائے جاتے ہیں۔ جبکہ معدنی اور حیاتینی اجزاء میں کیلشیم 30 ملی گرام، فاسفورس 310 ملی گرام، آئرن 1.3 ملی گرام، وٹامن سی 13 ملی گرام کے علاوہ کچھ مقدار وٹامن بی کمپلیکس بھی شامل ہوتی ہے۔ 100 گرام لہسن کی غذائی صلاحیت 145 کیلوریز ہے۔

قدرتی فائدے اور شفا بخش طبی استعمال: ۔نباتاتی طریقہ علاج میں لہسن صدیوں سے امراض دمہ، بہرہ پن، جذام، پھیپھڑوں میں بلغم کا اجتماع، شریانوں کا سخت ہو کر سکڑ جانا، بخار، پیٹ کے کیڑے، جگر اور پتے کے امراض میں شافی دوا کے طور پر استعمال ہوتا رہا ہے۔ پرانے آیورویدک اطباء کے مطابق لہسن دل کے لئے، بالوں کے لئے، معدے کے لئے قوت بخش غذا اور جذام، بواسیر، پیٹ کے کیڑے، بلغمی امراض، دمہ اور کھانسی کے لئے موثر ترین دوا ہے۔ لہسن کو شباب آور بھی کہا جاتا ہے۔ یہ خون میں پائے جانے والے فاسد مادوں کو خارج کرتا ہے۔ خون کو نئی طاقت مہیا کرتا ہے۔ خون کی گردش کو فعال بناتا ہے۔ انتڑیوں کے فعل میں باقاعدگی پیدا کرتا ہے۔ لہسن کے جوس میں پائی جانے والی ایتھر بہت زیادہ طاقتور اور خاذب ہوتی ہے کہ پھیپھڑوں کی گنگرین کی حالت میں لہسن سانس کی ناقابل برداشت بو کو کم کرتا ہے۔ پھیپھڑوں کی تپ دق میں لہسن مفید رہتا ہے۔ لہسن کا کثرت سے استعمال نمونیہ کے علاج کے لئے سالہا سال سے امریکہ ڈاکٹر ایف ڈبلیو اس کرتے چلے آرہے ہیں۔ ان کے مطابق یہ بخار کی حدت کم کرنے کا سب سے کامیاب ذریعہ ہے کیونکہ اڑتالیس گھنٹے کے اندر اندر سانس اور نبض معمول پر آجاتے ہیں۔ آیورویدک طریقہ علاج میں لہسن کو دودھ میں ابال کر بنایا جانے والا جوشاندہ تپ دق کے مرض میں معجز نما دوا سمجھی جاتی ہے۔ یہ جوشاندہ تیار کرنے کے لئے لہسن کی گٹھی کو 240 ملٹر دودھ اور ایک لٹر پانی میں اس وقت تک ابالا جاتا ہے جب یہ صرف ایک چوتھائی بچ جائے اس جوشاندہ کو روزانہ تین بار پینا مفید رہتا ہے۔ دمہ کے مریض کو لہسن کہ تین تریاں دودھ میں ابا کر پلانا اچھے نتائج دیتا ہے۔ لہسن نظام ہضم کے لئے بہت سی فائدہ مند غذائی دوا ہے۔ یہ لمفی نسیجوں پر

مثبت اثرات مرتب کر کے بدن میں پائی جانے والی نقصان دہ رطوبتوں کے اخراج میں مدد کرتا ہے۔ ہاضم رطوبتوں میں اضافہ کرنے کا سبب بنتا ہے۔ انتڑیوں کو متحرک کرنے میں معاونت کرتا ہے۔ لہسن کا تیل غذا کی نالیوں میں جذب ہو جاتا ہے۔ اس کی معمولی مقدار پیشاب کے ذریعے خارج ہو جاتی ہے۔ انتڑیوں پر لہسن کا اثر بہت زیادہ ہوتا ہے۔ آنتوں کے کیڑوں کا خاتمہ کرتا ہے۔ بڑی آنت کی سوزش کے علاوہ پیچش اور انتڑیوں کی متعدد تکلیفیں تازہ لہسن یا لہسن کے کیپسول استعمال کرنے سے ٹھیک ہو جاتی ہیں۔

لہسن میں ہائی بلڈ پریشر کو کم کرنے کی زبردست صلاحیت پائی جاتی ہے۔ یہ چھوٹی شریانوں کی اینٹھن کو کم کرتا ہے۔ جس سے دباؤ اور تناؤ کم ہو جاتا ہے۔ نبض کو سست کرتا ہے۔ دل کی دھڑکن کو اعتدال پر لاتا ہے۔ یہ سر چکرانے، سانس میں کمی اور اعضائے ہضم میں تبخیر کو بھی ختم کرتا ہے۔ لہسن کے دافع سوزش اجزء گنٹھیا اور جوڑوں کی سوزش میں بہت مفید رہتے ہیں۔ اسی لئے روس میں گنٹھیا اور جوڑوں کے امراض میں لہسن بہت زیادہ استعمال کر جاتا ہے۔ برطانوی ڈاکٹرز بھی گنٹھیا کے مرض میں لہسن کو بطور دوا تجویز کرتے ہیں۔ جاپان میں بھی لہسن کے جوہر کو کمر درد اور جوڑوں کی سوزش کے 100 مریضوں پر آزمایا گیا اور مفید پایا گیا ہے۔ گنٹھیا نقرس اور جوڑوں کے مرض کی صورت میں متاثرہ حصوں پر لہسن کی تریاں چھیل کر رگڑنا موثر ثابت ہوتا ہے۔ جرمنی کے ڈاکٹرں نے دعوی کیا ہے کہ لہسن دل کے دورے روکنے کی کامیاب دوا ہے۔ کولون یونیورسٹی کے مشہور پروفیسر ہمیز رائٹرز کہتے ہیں کہ لہسن خون کی نالیوں میں کولیسٹرول کو توڑنے میں مدد معاون رہتا ہے۔ شریانوں میں سختی پیدا نہیں ہونے دیتا۔ بلڈ پریشر میں اضافے کو روکتا ہے جس سے دل کے دورے کا خطرہ ٹل جاتا ہے۔

لہسن کا استعمال انسانوں اور جانوروں میں کینسر کی نشو ونما میں بہت زیادہ مزاحمت کرتا ہے۔ لہسن خناق کا عمدہ ترین علاج ہے۔ لہسن کی تری چبات رہنے سے گلے کی جھلی دور ہو جاتی ہے۔ بخار کی شدت میں کمی آ جاتی ہے۔ مریض کو سکون کا احساس ہونے لگتا ہے۔ ہفتہ میں کم از کم 30 سے 60 گرام تک لہسن کی تریاں تین چار گھنٹے تک ضرور چباتے رہنا چاہیے۔ جب گلے کی مضر جھلی دور ہو جائے تو بھی لہسن کی متذکرہ بالا مقدار روزانہ استعمال کرتے رہنا ضروری ہے۔ چونکہ خناق کے مریض کی ذائقہ (چکھنے) اور سونگھنے کی حس عارضی طور پر معطل ہو چکی ہوتی ہے اسی لئے خناق کا مریض لہسن کو آسانی سے چبا سکتا ہے۔ نیز اسے لہسن گرم بھی محسوس نہیں ہوتا۔

لہسن قدرتی بے ضرر مقوی باہ غذا ہے۔ ایک مشہور امریکی ڈاکٹر رابنس جو مشہور ماہر جنسیات بھی ہے۔ اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ لہسن زبردست جنسی ٹانک ہے۔ اس کو استعمال کرنے رہنے سے جنسی طاقت کی کمی خواہ اس کی وجہ کوئی بھی ہو ختم ہو جاتی ہے۔ عادت بد شکار مریضوں کے اعصاب بے جان ہو جاتے ہیں یا ایسے مریض جو جنسی سرگرمیوں میں زیادہ ملوث رہتے ہیں نامرد ہو جاتے ہیں۔ لہسن ایسا ٹانک ہے۔ جو اس ساری تکلیفوں کا خاتمہ کرتا ہے۔ یعنی لہسن بے مثال ٹانک ہے۔ بڑی عمر کے لوگ جو اعصابی تناؤ اور جنسی کمزوری میں مبتلا ہوں، ان کے لئے لہسن بہت ہی مفید غذا اور دوا ہے۔ لہسن چونکہ جراثیم کش بھی ہے اسی لئے اسے زخموں، ناسوروں کے علاج میں بطور جراثیم کش دوا استعمال کر جاتا ہے۔ لہسن کا جوس ایک حصہ اور پانی تین حصے ملا کر لوشن بنالیں اس لوشن سے زخم اور متاثرہ جلد کو دھوتے رہنے سے انہدام کے عمل میں تیزی آ جاتی ہے۔ نیز 15 فیصد لہسن کے جوس کی مرہم زخموں پر لگانے سے پیپ چند ہی دنوں میں خشک ہو جاتی ہے۔ اس مرہم سے درد بھی دور ہو جاتا ہے۔ لہسن کی اسی خوبی کی وجہ سے روسی معالج زخموں کے انہدام کے لئے اس کا بہت زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ لہسن کا استعمال کالی کھانسی کے علاج کے لئے بہت مفید رہتا ہے۔ لہسن کے جوس کے پانچ قطروں سے ایک بلوغت ایک چمچہ تک روزانہ تین بار پلاتے رہنے سے کالی کھانسی دور ہو جاتی ہے۔ اگر کالی کھانسی کے دورے شدید اور بار بار پڑتے ہوں تو خوراک دوا بڑھائی جا سکتی ہے۔ لہسن کی تریاں چھیل کر کیل مہاسوں پر رگڑی جائیں تو کیل مہاسے بغیر کسی نشان چھوڑے غائب ہو جاتے ہیں۔ بلوغت کی سرحد میں قدم رکھنے والے لڑکے لڑکیوں کے چہروں پر ظاہر ہونے والے کیل، پھنسیاں، جو کسی دوسری دوا علاج سے ٹھیک نہ ہوتے ہوں، وہ لہسن کے علاج سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

جلد پر لہسن کا بیرونی استعمال داغ، دھبے، پھوڑے، پھنسیاں اور چھائیاں دور کرتا ہے۔ علاوہ ازیں لہسن کھاتے رہنے سے نتائج زیادہ اچھے سامنے آتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ لہسن مصفی خون ہے۔ اگر خون صاف ہوگا تو جلد بھی صحت مند ہوگی۔ جلد کے معمولی انفیکشن لہسن کے تین کیپسول روزانہ کھاتے رہنے سے ختم ہو جاتے ہیں۔ یہ غذا اور مرچ مصالحہ کے اہم جزو کی حیثیت سے استعمال ہوتا ہے۔ اس کو شوربے، اچار اور چٹنی میں ڈالا جاتا ہے۔ اٹلی اور سپین کا باشندے تو لہسن کو ہر غذا کے ساتھ اچھے کھانے میں استعمال کرتے ہیں۔

انشاءاللہ اگلے ماہ پیاز کے فوائد لے کر حاضر ہونگا آپ اُمید ہے کہ قارئین میری جانب سے شائع کردہ تحقیقات سے ضرور استفادہ کر رہے ہونگے۔

برج حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) موسم کے اثرات سے محفوظ رہنے کے انتظامات کرنا بہتر ہوگا۔ اہم دستاویز پر دستخط کرنے سے پہلے چھان بین کرلیں تاکہ بعد میں اس نادانی پر کف افسوس نہ ملیں خاندان میں تقریبات منعقدہ ہونے کا امکان ہے۔ کوئی خوشخبری سن سکیں گے خواہشمند افراد کی منگنی یا شادی طے پائے گی اور بعض افراد کو اولاد کی خوشخبری ملے گی۔ مل جل کر کیے گئے کام زیادہ مفاد حاصل کر کیں گے کسی تنظیم سے منسلک افراد آپ کے لئے فائدہ کا باعث بنیں گے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ کچھ لوگ آپ کی بھلائی چاہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آپ کو بہتر فیصلہ کرنے کیلئے کچھ وقت دیا جائیگا۔ معاملات کو سلجھانے کی کوشش کریں نہ کے مزید الجھانے کی۔ کوئی دیرینہ خواہش پوری ہوسکتی ہے۔ گھر میں کوئی تقریب منعقد کرسکیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم زائچہ کے تیسرا خانہ جوزا میں داخل ہورہا ہے جہاں اس کا قیام 04 جون تک رہیگا اس دوران نقل وحرکت کے خطرات بڑھ جائینگے خصوصاً دوران سفر بہت احتیاط کریں نقصان کا اندیشہ ہے۔ یہ برج آپ کیلئے مساوی ہے۔ ہمت طاقت اور حوصلہ میں اضافہ ہوگا بہن بھائیوں سے تعلقات بہتری کی جانب آسکتے ہیں اپنے بڑے پن کا ثبوت دیتے ہوئے درگزر سے کام لیں۔ اشارے سے بات کو سمجھ جائیں۔ بحث وکرار سے گریز کریں۔ اہل خانہ کے ساتھ سیر وتفریح کا پروگرام بناسکتے ہیں۔ والدین کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔

(26 تا 30) اس ہفتہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ کسی پسندیدہ منصوبہ پر عمل کرسکیں گے گھریلو امور میں مصروفیات بڑھیں۔ مہمانوں کی آمد ورفت کا امکان ہے روزمرہ کے مشاغل میں مصروفیات بڑھیں گی شریک حیات کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں قانونی مسائل آپ کے حق میں کچھ زیادہ حوصلہ افزا نہیں ہیں۔ لہذا حتی الامکان ایسے مسائل میں الجھنے سے گریز کریں۔ ورنہ پریشانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوسکے گا ماتحت عملے کا تعاون حاصل ہوگا۔

(یکم تا 8) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع زحل قائم ہورہی ہے جس کے اثرات 05 تا 08 اپریل تک رہیں گے اس نظر کے تحت والدین سے کسی بہت پر اختلاف ہوسکتا ہے یا پہلے سے میاں بیوی میں اختلاف اگر مناسب حل تک نہ پہنچے تو علیحدگی کا بھی خطرہ ہے۔ خواتین کو نسوانی امراض کا خطرہ ہے۔ شریک حیات کی صحت بگڑنے کا اندیشہ ہے۔ ہر ممکن احتیاط لازم ہے۔ اس ہفتہ زائچہ میں فائدہ کم نقصان زیادہ ہے۔ آپ کا یہ ہفتہ قدر کمزور ہی بسر ہوگا۔

(9 تا 16) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم مستقیم ہوتے ہوئے درجہ شرف سے گزر رہا ہے جس وجہ سے آپ کے وہ معاملات جو کہ گزشتہ ماہ رُکے ہوئے تھے بہتری کی جانب آجائیں گے۔ کھوئی ہوئی طاقت ملے گی۔ اس ہفتہ زہرہ تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہورہی ہے جس کی وجہ سے انہی ایام میں امدادی اغراض کیلئے روپیہ دینا، ہمت اور بہادری کیلئے، مستقبل کی منصوبہ بندی بری عادتوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے بے حد مفید ہے۔

(17 تا 25) یہ ہفتہ آپ کے لیے نحس ثابت ہوگا۔ ان ایام میں ازدواجی امور بہتر طور پر انجام نہ پاسکیں گے۔ زوجین کے مابین مواقفت نہ رہے گی۔ غیر شادی شدہ افراد کو محبوب کی جانب سے صدمہ یا دھوکہ ملنے کا اندیشہ ہے۔ ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اگر اختلافات پیدا ہونگے وہ وقتی طور پر پیدا ہونگے۔ اس ہفتہ کی 18 اور 19 تاریخیں نحس اور محتاط رہنے کی ہیں۔ آپ کی اپنی صحت جسمانی اچھی نہ رہے گی اندرون خانہ بھی خیر وعافیت نہ رہیگی۔

(26 تا 30) گھریلو امور کی انجام دہی بہتر طریقہ پر ہوگی۔ الجھے مسائل کو سلجھایا جائے گا۔ جمعہ کا دن خصوصاً اختراعی مقاصد کی خاطر بہت عمدہ ہے۔ عہدہ اور مرتبہ میں حصول کی کوشش کامیاب ثابت ہوگی۔ زمین وجائیداد اور وارثت سے متعلقہ مسائل بھی حسب منشاء طے پائیں گے۔ اس ہفتہ کاروباری اغراض ومقاصد کے تحت کیا جانے والا سفر کامیاب ثابت ہوگا۔ معاملات عشق ومحبت پروان چڑھیں گے۔ عشق ومعشوق کے مابین مفاہمت بڑھے گی۔

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

جوزا

(یکم تا 8) اس ہفتہ ممکن ہے کہ انعامی اسکیموں میں آپ کو کامیابی مل جائے۔ وراثتی جائیداد سے متعلق جھگڑا ختم ہونے کا امکان ہے۔ جو کہ اولاد کی تعلیمی سرگرمیوں میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ ہفتہ ان افراد کیلئے موافق ثابت ہوگا جو شادی کرنا چاہتے ہیں ان ایام میں شادی کے متعلق اکثر امیدیں پوری ہوتی نظر آرہی ہیں۔ محبت کے معاملات کیلئے اختتام تک کا وقت موافق ثابت ہوگا۔ شادی، خاندانی معاملات کیلئے خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوگا۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کے آغاز سے کچھ بہتر ہونے والا نہیں ہے محتاط رویہ اختیار کریں کیونکہ وہ سیارہ جو کہ آپ کے برج کا حاکم ہے اس ہفتہ حالت رجعت میں جارہا ہے اس کی یہ نحس حالت 3 مئی تک رہیگی اس دوران کوئی بھی نیا معاہدہ کرنا یا کوئی دفتری کاروائی جس میں بحث وتکرار ہوگریز کریں۔ کسی بھی دشمن سے دھوکہ کا اندیشہ ہے۔ جسمانی مرض مزید بگڑ سکتے ہیں۔ موسم کے مطابق غذا اور لباس استعمال کریں۔ دل اور دماغ پر بوجھ کی کیفیت رہیگی۔

(17 تا 25) اس ہفتہ سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہورہی ہے۔ یہ نظر سعد ثابت ہوگی وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہو سکے گا۔ مستقبل کیلئے کوئی جائیداد خریدنا اس وقت مناسب ہے۔ پراپرٹی ڈیلر اور زرعی زمین کے خریداروں کیلئے بھی یہ وقت سعد ہے۔ سفر اور خط وکتابت لائے گا۔ اس ہفتہ سفر کے ذریعے نئے افراد زندگی میں داخل ہونگے۔ شریک کار یا شریک زندگی کے ساتھ تعلقات کے سلسلے میں اگرچہ جوش تو ہوگا مگر غیر یقینی صورت حال رہیگی۔

(26 تا 30) اس ہفتہ ممکن ہے شاید ایک جگہ تعلقات ختم ہو کر دوسری جگہ قائم ہوں۔ ممکن ہے کہ اگر عرصہ سے تعلقات خراب چلے آرہے ہیں تو دوبارہ تعلقات استوار ہو جائیں گے۔ شریک کار اور شریک حیات کے گھر پر ہوگا۔ اس وقت تک مالی معاملات پر گھریلو اثرات کی سرگرمیاں بہت زیادہ اثر انداز ہونگی۔ وہ افراد جو بااختیار عہدے پر ہیں یا کسی جماعت کے راہنما ہیں انہیں اس ہدایت پر خاص طور پر عمل کرنا چاہئے۔ تقاریب جانے کا موقع ملے گا۔

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

سرطان

(یکم تا 8) گزشتہ ماہ کی طرح ان دنوں بھی چھوٹے سفر فائدہ دینگے دوستی اور محبت روپے کے لین دین کی وجہ سے خراب ہوسکتی ہے۔ لہذا ایسا کوئی قدم ہی نہ اٹھائیں کہ آپ کو بعد میں پریشانی کا سفر کرنا پڑے گا۔ یکم تا 06 اپریل آپ کا سیارہ توازن میں نہیں اس دوران کسی بزرگ سے بھی فائدہ ہوسکتا ہے۔ ملازم پیشہ افراد افسران بالا سے بنا کر رکھیں جذباتی طور پر کیا گیا فیصلہ نقصان دے گا دشمن سے بھی دوستانہ ماحول میں ملیں۔

(9 تا 16) یہ ہفتہ قمر در عقرب کی وجہ سے بڑے عہدہ فائز افراد یا امیر وکبیر لوگوں سے نقصان کی طرف اشارہ دے رہا ہے ملازم پیشہ افراد اپنے افسران بالا کو شکایت کا موقع نہ دیں ورنہ ان کی اس غلطی سے نقصان بھی ہوسکتا ہے محبت میں معاملات اس ماہ پروان نہ چڑھ پائینگے۔ شادی شدہ افراد کو بری خبر مل سکتی ہے۔ اس ماہ کی 12 تا 14 تاریخ نہایت احتیاط سے گزارنا ہوگی کیونکہ آپ کا سیارہ نازک حالات سے گزر رہا ہے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں۔

(17 تا 25) ان ایام میں کوئی خوشی کی تقریب اور خرید وفروخت ان تاریخوں میں نہ کریں بیماری کا بھی خطرہ ہے روزمرہ کے کاموں میں اپنے دھیان کو مصروف رکھیں۔ اس ماہ زیورات کی خریداری نقصان دے گی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ بزرگوں کی جانب سے پریشانی لاحق ہوسکتی ہے۔ اہل خانہ کا مکمل طبعی علاج کروائیں۔ چھوٹی سی بیماری بھی بڑی بن سکتی ہے۔ قانونی کاغذات پر سوچ سمجھ کر دستخط کریں۔ کوئی ہے جو آپکو فراڈ دے رہا ہے۔

(26 تا 30) اس ماہ کے آخر آپ کیلئے بہتر ہے کیونکہ شرف قمر خوشی کی خبر لا رہا ہے۔ اس ہفتہ اچھے فیصلے کر سکتے ہیں۔ جن معاملات میں آپ کو ناکامی ہوچکی ہے انہیں اپنے ذہن سے نکال لیں ورنہ آئندہ کی ناکامی کو آپ گنوا بیٹھیں گے۔ قوت ارادی کو بہتر بنائیں تاکہ مخالفین پر آپ غلبہ حاصل کر سکیں ایک کمزور دشمن بھی اس وقت آپ کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ کاروباری مصروفیات مزید بڑھ جائینگی۔

برج اسد 24 جولائی تا 22 اگست، سیارہ شمس
حروف۔ م۔ پتھر، ہیرا، لہسینا۔ مبارک دن، اتوار
مبارک رنگ، زرد۔ موافق دھات، سونا
لکی عدد 1 اسم اعظم، یا مُھَیمِنُ 115 بار۔ یا متکبرُ 108 بار
سعد تاریخیں 30,17,1
نحس تاریخ 28,14,6
لکی نمبرز 21,57,49,61

اسد

(یکم تا 8) اس ہفتہ کے آخری ایام میں آپ کے برج کا حاکم سیارہ شمس درجہ شرف سے گزر رہا ہے جو کہ سعد حالت میں ہوگا۔ وہ افراد جو کہ عزت مال و دولت کے خواہشمند ہوں تو اس نادر وقت سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ اپنے لئے نگینہ یا لوح شرف شمس خاص طور سے تیار کروائیں۔ جس کی برکت سے بہت سی خواہشات کی تکمیل ہوسکتی ہے یاد رکھیں کہ یا نایاب وقت دوبارہ 1 سال بعد آئیگا۔ اس سال آپکو اس لوح یا نگینہ کی سخت ضرورت ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کے آغاز میں 05 تا 08 اپریل شمس مقابلہ مشتری کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ اس نظر کے تحت آپ فی الحال جائیداد کا لین دین نہ کریں نقصان کا اندیشہ ہے۔ کاروبار کرتے وقت محتاط رہیں کسی بھی اہم کاغذ پر بنا سوچے سمجھے دستخط نہ کریں کوشش کریں کہ پہلے کسی سے مشورہ لازمی کریں۔ والدین سے اپنے حق میں دعا کروائیں۔ اپنی اور والدین کی صحت کا مکمل خیال رکھیں۔ کسی صدمہ سے بھی دوچار ہونا پڑسکتا ہے۔

(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تثلیث زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 17 تا 20 اپریل رہیں گے اس نظر کے تحت کاروباری معاملات بہتری کی طرف آئیں گے اور مخالفین پر با آسانی غلبہ حاصل کرسکتے ہیں۔ والدین سے ناراضگی بھی ختم ہوسکتی ہے بزرگوں کو منانے کے لیے یہ وقت معاون ثابت ہوگا۔ کم عمر افراد کو والدین اور بزرگ رشتہ دارو ں سے فائدہ ملے گا۔ اگر کوشش کی جائے تو وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے۔

(26 تا 30) کاروبار کی ترقی کیلئے انتہائی سوجھ بوجھ اور صحیح قوت فیصلہ درکار ہے اگر آپ دولت میں اضافے کے خواہش مند ہیں تو بھی یہی راستہ آپ کو منزل مقصود تک پہنچا سکتا ہے جو آج کل آپ کے ذہن میں گردش کررہا ہے۔ کامیابی کیلئے جرات مندانہ پیش رفت بہت ضروری ہے پہلے اپنے مقاصد کا یقین کرلیں پھر ان کی تکمیل کے متعلق غور کیجیے گا۔ دوستوں کا تعاون درکار ہوگا اس لئے اپنے مخلص دوستوں سے اپنی ہر بات بتا ڈالیں۔

برج سنبلہ 24 اگست تا 23 ستمبر، سیارہ عطارد
حروف۔ غ، پ۔ پتھر، زمرد، فیروزہ۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، پیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا عزیزُ 41 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,9,3
نحس تاریخ 23,20,16
لکی نمبرز 96,75,82,46

سنبلہ

(یکم تا 8) ان ایام میں آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد ہبوط کے بعد دوسری نحس حالت حضیض کے درجات سے گزرے گا جو کہ آپ کے لیے نحس ثابت ہوسکتی ہے۔ وراثتی جائیداد کا حصول ممکن نہ ہوسکے گا۔ مستقبل کیلئے کوئی جائیداد خریدنا اس وقت مناسب نہ ہے۔ پراپرٹی ڈیلر اور زرعی زمین کے خریداروں کیلئے بھی یہ وقت نحس ہے۔ عدالتی فیصلے آپ کے حق میں نہ ہونگے۔ تیز دھار آلات اور ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ سے آپ کو کوئی بری خبر مل سکتی ہے ایسے معاملات جن کو پایہ تکمیل تک پہنچانا تھا اگر نامکمل رہ گئے ہوں تو فی الوقت انہیں وہیں پر روک دیں کیونکہ 10 اپریل آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد برج ثور میں رجعت پذیر ہورہا ہے اور اسکی رجعت 03 مئی کو برج حمل میں ختم ہورہی ہے۔ اس دوران ٹانگوں یا سر میں درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ سفر کا ارادہ ہے تو فی الوقت ملتوی کردیں امراض میں اضافہ ہوسکتا ہے موسم کے مطابق غذا استعمال کریں۔

